فَعْلَان : . بھوک، پیاس اوراس کی ضد سے عارضی صفت کے لئے ہوتا ہے جیسے رَیَّان و شَبْعَان اور اَفْعَلُ :. لون وعیب سے لازمی صفت کے لئے ہوتا ہے جیسے اَحْمَرُ (سرخ مرد) اَحْوَلُ (بھینگا مرد) اور فَعِلٌ : بکسرالعین خوشی اور بیماری سے عارضی صفت کے لئے ہوتا ہے جیسے فَرِحٌ ، وَجِعٌ ، وَصِبٌ ، بَشِرٌ۔

کَرُمَ کے باب سے اسم فاعل زیادہ تر فَعِیْلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے کَرِیْمٌ۔

اسم مفعول کا بیان

اسم مفعول وہ اسم ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو جیسے مَنْصُوْرٌ (مدد کیا ہوا ایک مرد)

قاعدہ:۔ اسم مفعول کو مضارع مجہول سے بناتے ہیں اس طور پر کہ علامت مضارع حذف کر کے میم مفتوح علامتِ مفعول اس کی جگہ لاتے ہیں، عین اور لام کلمہ کے درمیان واو مفعول لاتے ہیں اور لام کلمہ کو تنوین دیتے ہیں جیسے یُنْصَرُ سے مَنْصُوْرٌ نیز یہ قاعدہ صرف ثلاثی مجرد کیلئے ہے۔

فرق :۔ جو فرق اسم فاعل اور فاعل میں ہے (جیسا کہ ابھی گذرا) وہی اسم مفعول اور مفعول میں ہے۔

فوائد

(۱)......مصدر بعض اوقات اسم مفعول کے معنی میں آتا ہے جیسے: اَلْخَلْقُ بمعنی اَلْمَخْلُوْق ، اَلْعَدْلُ بمعنی المعدول . اَلْاَمْرُ فِیْ اللغةِ قولُ الْقَائِلِ لِغَیْرِہٖ اِفْعَلْ ای مَقُوْلُ الْقَائِلِ۔

(۲)......فاعل بعض جگہ مفعول کے معنی میں آیا ہے جیسے دَافِقٍ ای مَدْفُوْقٍ۔

(۳)...... فَعِیْلٌ فَعُوْلٌ فُعْلَةٌ کا وزن بھی کبھی مفعول کا معنی ادا کرتا ہے جیسے جَرِیْحٌ (زخم خوردہ) رَسُوْلٌ (بھیجا ہوا) لُعْنَةٌ ای مَلْعُوْنٌ (جس پر لوگ لعنت کریں)

اسم مفعول کے دوسرے اوزان

(۱)...... فَعِيْلٌ جیسے جَرِيْحٌ (زخم خوردہ)

(۲)...... فَعُوْلٌ جیسے رَسُوْلٌ (بھیجا ہوا)

(۳)...... فَعُوْلَةٌ جیسے حَلُوْبَةٌ (دوہی ہوئی بکری وغیرہ)

(۴)...... فُعَلَةٌ جیسے ضُحَكَةٌ اور لُعَنَةٌ (وہ مرد جس پر لوگ ہنسیں اور وہ مرد جس پر لعنت کریں)

اسم فاعل ومفعول کے مشترکہ اوزان

فُعَلَةٌ کا وزن اسم فاعل کے لئے آتا ہے جیسے ضُحَكَةٌ اور لُعَنَةٌ۔ مگر دو کلموں میں مفعول کے معنی میں بھی آیا ہے اور یہ شاذ ہے جیسے لُقَطَةٌ (چنا ہوا) اور تُحَفَةٌ (وہ چیز جو کسی شخص کو بھیجی جاتی ہے)

اسی طرح فَاعِلٌ اور مَفْعُوْلٌ کے علاوہ فَعِيْلٌ اور فَعُوْلٌ دو اوزان بھی مشترک آتے ہیں جو کبھی اسم فاعل اور کبھی اسم مفعول کا معنی دیتے ہیں چنانچہ فَعِيْلٌ کے وزن پر اسم فاعل سَمِيْعٌ (سننے والا) اور اسم مفعول جَرِيْحٌ (زخم خوردہ) اور فَعُوْلٌ کے وزن پر اسم فاعل بَتُوْلٌ (دنیا سے قطع تعلق کرنے والی) اور اسم مفعول رَسُوْلٌ (بھیجا ہوا) آتا ہے۔

فائدہ: لازم فعلوں سے اسم مفعول بالکل نہیں آتا۔

اسم فاعل ومفعول غیر قیاسی

قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ اسم فاعل اور اسم مفعول کا اشتقاق اپنے ہی فعل سے ہو مجرد ہو خواہ مزید۔ لیکن کچھ الفاظ بطور شذوذ دوسرے سے مشتق ہیں مثلاً مَحَلَ سے مَاحِلٌ، اَمْلَحَ سے مَالِحٌ، اَيْفَعَ سے يَافِعٌ اَعْشَبَ سے عَاشِبٌ، اَحَبَّهٗ سے مَحْبُوْبٌ، اَجَنَّهٗ سے مَجْنُوْنٌ اَحَمَّهٗ سے مَحْمُوْمٌ، اَزْكَمَهٗ سے مَزْكُوْمٌ اور اَسَلَّهٗ سے مَسْلُوْلٌ۔

صفت مشبهه کے اوزان

یہ اُس ذات کے لئے ہے جس میں مصدری معنی بطور ثبوت پائے جائیں۔

(۱) صفت مشبہہ ماضی مفتوح العین سے فَعَلٌ کے وزن پر آتی ہے جیسے حَقٌ (ض) بشرطیکہ اس میں رنگ، عیب یا حلی کے معنی پائے جائیں جیسے فَرِحَ سے فَرِحٌ اور ماضی مضموم العین سے فَعِيْلٌ کے وزن پر جیسے كَرُمَ سے كَرِيْمٌ۔

(۲) جو صفات عارضی ہیں، جیسے بھوک، پیاس یا ان کی ضد، اُن سے صفت مذکر فَعْلَانُ کے وزن پر آتی ہے اور صفت مؤنث فعلی کے وزن پر جیسے جَوْعَانُ (بھوکا مرد) اور جَوْعیٰ (بھوکی عورت)، عَطْشَانُ پیاسا مرد) اور عَطْشیٰ (پیاسی عورت)۔

(۳) جو افعال رنگ یا عیب (ظاہری) یا حلیہ کے معنی رکھتے ہوں اُن سے مذکر کا صیغہ اَفْعَلُ کے وزن پر اور مؤنث کا صیغہ فَعْلَاءُ کے وزن پر آتا ہے جیسے اَحْمَرُ (سرخ رنگ والا مرد) حَمْرَاءُ (سرخ رنگ والی عورت)، اَعْوَرُ (کانا مرد) عَوْرَاءُ (کانی عورت)، اَعْيَنُ (فراخ چشم والا مرد) عَيْنَاءُ (فراخ چشم عورت) پہلی مثال رنگ، دوسری مثال عیب اور تیسری مثال حلیہ کی ہے۔

صفت مشبہہ سے چھ صیغے آتے ہیں اور اسم فاعل کی طرح اُن کے آخر میں علامتیں لگائی جاتی ہیں مگر اَفْعَلُ کے آخر میں تنوین نہیں آتی اور نیز اس کے صیغہ مؤنث کا ہمزہ تثنیہ بنانے میں واو سے بدل جاتا ہے جیسے حمراءُ سے حَمْرَاوَان اور مذکر و مؤنث دونوں کی جمع حُمْرٌ آئے گی۔ ''صفت مشبہہ ثلاثی مجرد سے سماعی اور اس کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم فاعل کے وزن پر آتی ہے''۔

تنبیہ : فی الحقیقت صفت مشبہہ کے اوزان بہت ہیں مگر کوئی قاعدہ کلیہ ان کے واسطے مقرر نہیں۔ مادہ کے دوسرے حرف کے بعد کبھی ''ی'' کبھی ''واو'' کبھی ''الف'' زیادہ کیا جاتا ہے جیسے شَرِيْفٌ (بھلا آدمی) وَقُوْرٌ (صاحب وقار) شُجَاعٌ (دلیر) اور کبھی مادہ قائم رہتا ہے اور صرف حرکات میں تغیر ہوتا ہے جیسے جُنُبٌ (ناپاک) صِفْرٌ (خالی) وغیرہ اور صفت مشبہہ صرف ابواب لازمہ سے آتی ہے۔

بہر حال صفت مشبہہ کے مشہور اوزان یہ ہیں۔

صَعْبٌ ، صِفْرٌ ، صُلْبٌ ، حَسَنٌ ، خَشِنٌ ، نَدُسٌ ، زِئَمٌ ، بِلِزٌ ، حُطَمٌ ، جُنُبٌ ، اَحْمَرُ ،

کَـابِرٌ ، کَبِیْرٌ ، غَفُوْرٌ ، جَیِّدٌ ، جَبَانٌ ، هِجَانٌ ، شُجَاعٌ ، عَطْشَانُ ، عَطْشیٰ ، حُبْلیٰ ، حَمْرآءُ ، عُشَرآءُ ۔

اسم مبالغہ کے دیگر اوزان

جب فاعل میں مصدری معنیٰ کی زیادتی پائی جائے ۔ اُس کو مبالغہ کہتے ہیں ۔ اس کے مشہور اوزان یہ ہیں :۔

۱۔ فَعَّال ...... جیسے عَلَّامٌ و نَصَّارٌ

۲۔ فَعَّالَةٌ ...... جیسے عَلَامَةٌ و فَهَّامَةٌ

۳۔ فِعِّیْلٌ ...... جیسے صِدِّیْقٌ ، و سِکِّیْرٌ

۴۔ مِفْعِیْلٌ ...... جیسے مِسْکِیْنٌ ، مِعْطِیْرٌ

۵۔ مِفْعَالٌ ...... جیسے مِکْسَالٌ و مِقْدَامٌ

۶۔ فُعَلَةٌ ...... جیسے ضُحَکَةٌ و ضُجَعَةٌ

۷۔ فَعِلٌ ...... جیسے شَرِهٌ و حَذِرٌ

۸۔ فَعِیْلٌ ...... جیسے رَحِیْمٌ و عَظِیْمٌ

۹۔ فَعُوْلٌ ...... جیسے کَذُوْبٌ و وَدُوْدٌ

۱۰۔ فَاعِلَةٌ ...... جیسے رَاوِیَةٌ و کَافِیَةٌ

۱۱۔ فُعُلٌ ...... جیسے غُفُلٌ

۱۲۔ فَعُوْلَةٌ ...... جیسے فَرُوْقَةٌ

۱۳۔ مِفْعَلٌ ...... جیسے مِحْرَبٌ

۱۴۔ فَاعُوْلٌ ...... جیسے فَارُوْقٌ

۱۵۔ فُعَّالٌ ...... جیسے کُبَّارٌ

۱۶۔ فُعَالٌ ...... جیسے عُجَابٌ

۱۷۔ فَعُّوْلٌ .... جیسے قَیُّوْمٌ

۱۸۔ فُعُّوْلٌ .... جیسے قُدُّوْسٌ

۱۹۔ فُعَّلٌ .... جیسے قُلَّبٌ

۲۰۔ فَعَلٌ .... جیسے یَقَظٌ

۲۱۔ فُعَلٌ .... جیسے غُفَلٌ

۲۲۔ مِفْعَالَۃٌ .... جیسے مِخْذَامَۃٌ

تنبیہ۔ مبالغہ کے اوزان سب سماعی ہیں اور وہ صرف ثلاثی مجرد سے آتے ہیں البتہ دَرَّاکٌ اَدْرَکَ سے، مِعْطَاءٌ اَعْطیٰ سے، مِهْوَان اَهَانَ سے، مِحْسَان اَحْسَنَ سے، مِتْلاف اَتْلَفَ سے، مِمْلاق، اَمْلَقَ سے، مِخْلاف اَخْلَفَ سے، سَمِیْع، اَسْمَعَ سے، نَذِیْر، اَنْذَرَ سے اور زَهُوْق اَزْهَقَ سے شاذ ہیں۔

فوائد

۞۔ بعض اوزان مبالغہ کے ساتھ تاء لاحق ہوتی ہے تو وہ تائے تانیث نہیں ہوتی بلکہ مبالغہ کی تاکید کے لئے آتی ہے جیسے عَلَّامَۃٌ (بہت بہت جاننے والا) فَرُوْقَۃ (بہت بہت فرق کرنے والا) مِجْزَامَۃٌ (بہت بہت کاٹنے والا)

۞۔ جب فَعِیْل، فَاعِل کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق ہوگا، خواہ موصوف کا ذکر ہو یا نہ ہو جیسے رَجُلٌ نَصِیْرٌ، اِمْرَءَ ۃٌ نَصِیْرَۃٌ و جَآءَ نَصِیْرٌ و نَصِیْرَۃٌ۔

اور اگر فَعِیْل، مَفْعُوْلٌ کے معنی میں ہو اور موصوف بھی ساتھ ساتھ مذکور ہو تو مذکر و مؤنث میں ایک ہی حالت ہوگی جیسے زَیْدٌ قَتِیْلٌ و جَاءَ تِ الْمَرْءَۃُ جَرِیْحًا اور بغیر موصوف کے فرق ہوگا۔ جیسے جَاءَ حَبِیْبٌ و حَبِیْبَۃٌ.

۞۔ اگر فَعُوْل بمعنی فَاعِل ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث میں ایک حالت رہے گی جیسے یَحْییٰ الْبَتُوْلَ اور اگر موصوف نہ ہو تو فرق ہوگا۔ جیسے جَاءَ بَتُوْلٌ وَ بَتُوْلَۃٌ اور اگر فَعُوْلٌ بمعنی مَفْعُوْل ہو تو مؤنث و

مذکر میں فرق و امتیاز ہوگا خواہ موصوف مذکور ہو یا نہ ہو جیسے ھذا رَسُوْلٌ وَتِلْکَ رَسُوْلَۃٌ و جَاءَ رَسُوْلٌ وَرَسُوْلَۃٌ۔

۞۔ اہل حرفہ اور پیشہ وروں کے لئے فَعَّالٌ کا وزن خاص ہے جیسے خَیَّاطٌ (درزی)، حَجَّامٌ (پچھنے لگانے والا) اور بَزَّازٌ (کپڑا فروش)۔ بعض اوقات یہ وزن اسم جامد سے بھی بنایا جاتا ہے جیسے بَقَّالٌ کہ بَقْلَۃٌ سے نکلتا ہے جس کے معنی سبزی فروش کے ہیں ایسے ہی جَمَّالٌ (شتربان) کہ جَمَلٌ سے بنا ہے۔

اسم ظرف کا بیان

اسم ظرف وہ اسم مشتق ہے جو کسی فعل کے کسی جگہ یا کسی وقت میں واقع ہونے کو بتائے۔ جیسے مُخْرَجٌ (نکلنے کی جگہ) نیز اسم زمان اور اسم مکان صورۃً ایک طرح ہوتے ہیں لیکن معنی میں فرق ہوتا ہے اور اسم مکان اور اسم زمان دونوں کو اسم ظرف کہتے ہیں۔

۞۔ ایسی جگہ کے واسطے کہ جہاں کوئی چیز بکثرت ہو مَفْعَلَۃٌ کا وزن آتا ہے۔ جیسے مَقْبَرَۃٌ (جہاں بہت قبریں ہوں)، مَأْسَدَۃٌ (جہاں بہت شیر ہوں) وغیرہ کہا گیا ہے کہ یہ وزن ثلاثی مجرد و مزید سے قیاسی ہے اور پنج گنج میں لکھا ہے کہ یہ وزن قیاسی نہیں بلکہ اکثر ظرف کے لئے آتا ہے لہٰذا مَضْبَعَۃٌ اور مَحْمَرَۃٌ اس جگہ کے لئے نہیں کہا جائے گا جہاں بجو اور گدھے کے بچے کثرت سے ہوں اور کتاب الصرف میں مَأْسَدَۃٌ اور مَقْبَرَۃٌ وغیرہ کو اسم جامد قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ یہ مکانوں کے نام ہیں، اسم ظرف نہیں۔ مَفْعَلَۃٌ کا وزن اسمائے ثلاثی کے علاوہ سے نہیں آتا لہٰذا مَضْفَدَعٌ اور مَعْقَرَبٌ کہنا درست نہ ہوگا بلکہ اس کی بجائے کَثِیْرُ الضَّفَادِعِ اور کَثِیْرُ الْعَقَارِبِ استعمال کیا جائے گا۔

۞۔ فُعَالَۃٌ کا وزن ایسی چیز کے واسطے ہے کہ جو بوقت فعل گرے جیسے غُسَالَۃٌ (وہ پانی جو غسل کے وقت گرے) اور کُنَاسَۃٌ ملحوظ رہے کہ مَفْعَلَۃٌ کا وزن اسم مکان کے قائم مقام ہے اور فُعَالَۃٌ کا وزن اَقْرَبْ بظرف زمان ہے اس لئے ان دونوں کو بحث اسم ظرف میں فائدہ کے ضمن میں ہی ذکر کر دیا۔

نکتہ: یہ مَفَرٌ مصدر میمی ہے ظرف نہیں کیونکہ ظرف، مضاعف مکسور العین سے مکسور العین ہی آتا ہے مثلاً مَحِلٌ ۔

اسم آلہ

کام کرنے کے آلے اوراوزار کا نام اسم آلہ ہے۔ یہ صرف ثلاثی مجرد متعدی سے بنتا ہے۔ البتہ مِصْفَاةٌ صَفَا سے، مِرْقَاةٌ رَقِیَ سے اور مِزْمَارٌ زَمَرَ سے مستثنیٰ ہے۔

اس کے تین وزن ہیں۔

۱:- مِفْعَلٌ جیسے مِبْرَدٌ (ریتی)

۲:- مِفْعَلَةٌ جیسے مِكْنَسَةٌ (جھاڑو)

۳:- مِفْعَالٌ جیسے مِفْتَاحٌ

اور یہ وزن غیر قیاسی ہیں البتہ ناقص کا آلہ اکثر مِفْعَلَةٌ کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے مِشْوَاةٌ (بھوننے کا آلہ) اور فِعَالٌ کے وزن پر بھی آیا ہے مگر کم جیسے نِطَاقٌ (کمر باندھنے کا آلہ یعنی پٹکا) اور خِيَاطٌ (سینے کا آلہ یعنی سوئی) علاوہ ازیں کبھی فَاعَلٌ کے وزن پر بھی آتا ہے جیسے خَاتَمٌ ختم یعنی مہر کرنے کا آلہ۔ قَالَبٌ (پلٹنے کا آلہ) اور عَالَمٌ (جاننے کا آلہ)۔ مگر اس قسم میں معنی اسمی غالب آگئے ہیں۔ مطلقاً اِشتِقَاقی معنی میں مستعمل نہیں ہے۔ پس ہر آلۂ ختم کو خَاتَم، ہر آلۂ قلب کو قَالَبٌ اور ہر آلۂ علم کو عَالَمٌ نہیں کہہ سکتے۔

مُنْخَلٌ (چھلنی) مُدْهُنٌ (کولو) مُدُقٌّ (کوٹنے کا آلہ، موسل) مُسْعُطٌ (پچکاری) مُنَارَةٌ، مُشْطٌ (کنگھی) وغیرہ الفاظ اسماء جامدہ کی مانند ہیں۔ ان کا فعل سے اشتقاق نہیں۔ اور وہ اسم آلہ جو فعل سے مشتق نہ ہو اس کے لئے کوئی ضابطہ نہیں وہ مختلف اوزان پر آتا ہے جیسے قُدُومٌ (کلہاڑی)، سِكِّيْنٌ (چھری) فَاسٌ (کلہاڑی) وغیرہ۔

فائدہ:- غیر ثلاثی مجرد سے چونکہ اسم آلہ نہیں آتا مگر جب اس سے آلہ کے معنی ادا کرنے مقصود ہوں تو لفظ "مابہ" مصدر پر زیادہ کردیتے ہیں۔ جیسے مَابِهِ الْاِجْتِنَاب (پرہیز کرنے کا آلہ)۔

اسم تفضیل

وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات کو بتائے جس میں اوروں کی نسبت مصدری معنی کی زیادتی پائی جائے، اس کو افعل التفضیل بھی کہتے ہیں۔ اس میں مذکر کے لئے اَفْعَلُ کا وزن مقرر ہے اور مؤنث کے لئے فُعْلٰی کا۔

جس مصدر سے اسم تفضیل بنایا جائے اُس کے اندر چھ شرطوں کا پایا جانا ضروری ہے۔

(۱)......ثلاثی مجرد ہو۔

(۲)......اس کے اندر رنگ، عیب اور حلیہ کے معنی نہ پائے جائیں کیونکہ ان سے اسم تفضیل نہیں آتا بلکہ اسی وزن پر صفت مشبہ کا صیغہ آتا ہے جیسے اَحْمَرُ، اَعْمٰی۔

(۳)......اس کی تمام گردانیں مستعمل ہوں۔

(۴)......منفی نہ ہو جیسے مَاعَلِمَ۔

(۵)......اختیاری نہ ہو چنانچہ موت وفناء سے اسم تفضیل کی بناء درست نہ ہوگی۔

(۶)......معروف ہو مثالیں اَکْبَرُ، اَضْرَبُ وغیرہ۔

شذوذ

اسم تفضیل کے بعض الفاظ بطور شذوذ مجہول اور ابواب غیر ثلاثی سے بھی آتے ہیں مثلاً اَلْعَوْدُ اَحْمَدُ میں اَحْمَدُ بمعنی بہتر حُمِدَ سے اور هُوَ اَشْهَرُ اِسْمَیْ شَیْئٍ میں اَشْهَرُ بمعنی زیادہ مشہور تر شُهِرَ سے، حَاتِمُ اَعْطٰی مِنْ عَمْرٍو میں اَعْطٰی بمعنی زیادہ عطا کرنے والا اُعْطِیَ سے اور هٰذَا السَّفَرُ اَخْصَرُ مِنْ ذَالِکَ میں اَخْصَرُ بمعنی مختصر تر اُخْتُصِرَ سے بنے ہیں اور هُوَ اَحْمَقُ مِنَ الْهَبَنَّقَه میں اَحْمَقُ بمعنی زیادہ بے وقوف، بھی عیب سے شاذ ہے۔ نزد بعض عیب سے مراد عیب ظاہری ہے نہ کہ باطنی۔ پس اَجْهَلُ و اَبْلَدُ و اَحْمَقُ وغیرہ نزد آں شاذ نہ ہوں گے۔

خوب سمجھ لو! کہ وہ ابواب یا مادے جن سے اسم تفضیل کا صیغہ اَفْعَلُ کے وزن پر نہیں آسکتا، اُن سے اگر اسم تفضیل کے معنی ظاہر کرنا ہوں تو اس کا قاعدہ یہ ہے کہ لفظ اَشَدُّ یا اَکْثَرُ یا انہی جیسے الفاظ کے بعد اس باب کا

مصدر منصوب استعمال کرتے ہیں جیسے زَیْدٌ اَکْثَرُ اِجْتِھَاداً مِنْ عَمْرٍو و اَقَلُّ اِکْتِسَاباً مِنْ بَکْرٍ و اَشَدُّ سَوَاداً مِنْ خَالِدٍ ۔

فوائد

(۱)۔ کبھی اسم تفضیل اسم جامد سے بھی آتا ہے جیسے مَابِالبَادِیَۃِ اَنْوَامِنْہُ (صحراء میں اُس سے زیادہ ستارہ شناس کوئی نہیں۔ میں اَنْوَاْ ، نَوْءٌ سے ماخوذ ہے۔

(۲)۔ خَیْر و شَرّ اصل میں اَخْیَر و اَشَر تھے کثرت استعمال کی بناء پر دونوں سے ہمزے ساقط ہو گئے۔ کبھی اصل کے لحاظ سے مع ہمزہ کے بھی آتے ہیں۔

اسم تفضیل اور صیغہ مبالغہ میں فرق

صیغہ مبالغہ اور اسم تفضیل کے معنی میں یہ فرق ہے کہ صیغہ مبالغہ میں معنی مصدریت کی زیادتی فی حد ذاتہ مقصود ہوتی ہے کسی دوسر کی طرف اس میں نظر نہیں ہوتی اور اسم تفضیل میں زیادتی دوسرے کے اعتبار سے مقصود ہوتی ہے۔ چنانچہ اَضْرَبُ مِنْ زَیْدٍ یا اَضْرَبُ الْقَوْمِ کہیں گے، یعنی زید سے زیادہ مارنے والا یا قوم سے زیادہ مارنے والا اور اگر صرف اَضْرَبُ یا اَکْبَرُ آئے تو معنی نسبت مقدر ہوتے ہیں مثلاً اَللّٰہُ اَکْبَرُ میں مراد یہ ہے کہ "اَکْبَرُ مِنْ کُلِّ شَیْئٍ" ہر چیز سے بڑا ہے اور ضَرَّابٌ کا معنی زیادہ مارنے والے اور بس، کسی دوسرے کی طرف نسبت ملحوظ نہیں ہے۔

صفت کا بیان

صفت ہر وہ اسم ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ کوئی وصف ہو۔ اس کی پانچ قسمیں ہیں:۔ (۱) اسم فاعل (۲) اسم مفعول (۳) صفت مشبہ (۴) اسم تفضیل (۵) اوزان مبالغہ

(۱) صفت کی تانیث: ۔ صیغہ صفت کو اگر مؤنث بنانا ہو تو آخر میں تاء لگا دو جیسے صَادِقٌ صَادِقَۃٌ عَالِمٌ عَالِمَۃٌ لیکن وہ صفت جو فَعْلَان یا اَفْعَل کے وزن پر ہو اور اسم تفضیل ہو اس کے احکام جدا گانہ ہیں۔

۱: جو صیغہ صفت فَعْلَان کے وزن پر ہو اس کے لئے مؤنث فَعْلٰی کے وزن پر آتی ہے جیسے عَطْشَان سے

عَطْشٰی ، سَکْرَان سے سَکْرٰی ، ظَمْآن سے ظَمْاٰی لیکن بعض کلمات ایسے ہیں کہ ان کی تانیث تاء کے ساتھ آتی ہے اور وہ یہ ہیں۔

"الیان ، حبلان ، خمصان ، سخنان ، صوجان ، ضوجان ، قشوان ، مضان ، موتان ، ندمان ، نصران" اور بعض کلمات کی تانیث فَعْلٰی کے وزن پر بھی اور تاء کے ساتھ بھی آتی ہے جیسے عَطْشَان سے عَطْشٰی اور عَطْشَانَة غَضْبان سے غَضبٰی ، اور غَضْبَانَة۔

۲: صفت کا جو صیغہ اَفْعَلُ کے وزن پر ہو اس کی تانیث فَعْلَآء کے وزن پر آتی ہے جیسے اَبْیَضُ سے بَیْضَاءُ ، اَسْمَرُ سے سَمْرَآءُ۔

۳: اسم تفضیل کے لئے مؤنث کا صیغہ فُعْلٰی ہے جیسے اَکْرَمُ سے کُرْمٰی ، اَصْغَرُ سے صُغْرٰی لیکن کلمہ اگر ناقص واوی ہو تو واو کو یاء سے بدل دیتے ہیں جیسے اَحْلٰی سے حُلْیَا۔

تذکیر و تانیث کے مشترک صیغے:۔

کچھ صفت ایسے ہیں جن میں تذکیر و تانیث برابر ہے اور وہ یہ ہیں:۔

(۱) فَعَّالَةٌ جیسے رَجُلٌ عَلَّامَةٌ و اِمْرَاۃٌ عَلَّامَةٌ.

(۲) مِفْعَالٌ جیسے رَجُلٌ مِفْضَالٌ وَ اِمْرَاۃٌ مِفْضَالٌ اور مِیْقَانَةٌ شاذ ہے۔

(۳) مِفْعِیْلٌ جیسے رَجُلٌ مِعْطِیْرٌ و اِمْرَاۃٌ مِعْطِیْرٌ اور مِسْکِیْنَةٌ شاذ ہے۔

(۴) مِفْعَلٌ جیسے رَجُلٌ مِغْشَمٌ او اِمْرَاۃٌ مِغْشَمٌ۔

(۵) فُعْلَةٌ اور فُعَلَةٌ جیسے رَجُلٌ ضُحْکَةٌ و اِمْرَاۃٌ ضُحْکَةٌ اور اگر عین کو فتحہ دے دیا جائے تو فاعلیت کے معنی ہوں گے جیسے ضُحَکَةٌ : بہت ہنسنے والا۔ هُمَزَةٌ : بہت عیب لگانے والا، هُزَاَةٌ : بہت ٹھٹھا کرنے والا۔

(۶) فَعُوْلٌ جو فاعل کے معنی میں ہو اور فَعِیْلٌ جو مفعول کے معنی میں ہو جیسے رَجُلٌ صَبُوْرٌ و اِمْرَاۃٌ صَبُوْرٌ غُلَامٌ قَتِیْلٌ و اِمْرَاۃٌ قَتِیْلٌ لیکن یہ اس وقت ہے جبکہ موصوف معروف ہو ورنہ تاء کے ساتھ فرق کرنا ضروری ہے ہاں عَدُوَّةٌ شاذ ہے۔ کبھی فَعِیْلٌ جو مفعول کے معنی میں ہو باوجود معروف ہونے کے مؤنث کو تاء کے ساتھ لاتے ہیں جیسے خَاتِمَةٌ سَعِیْدَةٌ ، عَاقِبَةٌ حَمِیْدَةٌ اور کبھی فَعِیْلٌ فاعل کے معنی میں مؤنث بغیر تاء کے آتا ہے جیسے اِمْرَاۃٌ

عَقِيْمٌ ، يُحْيِ الْعِظَامَ وَ هِيَ رَمِيْمٌ ۔

طبقۂ اناث کے ساتھ اختصاص

جو صفات کہ طبقۂ اناث کے ساتھ مخصوص ہیں ان میں جب معنی حدوث کا لحاظ نہ ہو تو عموماً آخر میں تاء نہیں آتی جیسے طَالِقٌ ، مُرْضِعٌ ، حَامِلٌ ، حَائِضٌ اور حدوث کے معنی کا لحاظ ہو تو تاء آتی ہے جیسے اَرْضَعَتْ فَهِيَ مُرْضِعَةٌ .

(۲) **صفت کی جمع** :۔ اگر صفت کا صیغہ ذوی العقول کے لئے ہو خواہ مذکر ہو خواہ مؤنث اس کی جمع جمع سالم لاتے ہیں جیسے رِجَالٌ صَادِقُوْنَ ، نِسَآءٌ صَادِقَاتٌ جو صفت اَفْعَلُ فَعْلَآءُ یا فَعْلَان فَعْلٰی کے وزن پر یا اسم فاعل ناقص کا یا فعیل بمعنی مفعول ہو ان کے احکام جداگانہ ہیں۔

۱:۔ **اَفْعَلُ فَعْلَآءُ کا وزن** :۔ جو صیغہ اَفْعَلُ فَعْلَآءُ کے وزن پر ہو اس کی جمع فُعْلٌ کے وزن پر آتی ہے جیسے اَحْمَرُ کی جمع حُمْرٌ ، اَزْرَق کی زُرْقٌ ، اَعْرَج کی عُرْجٌ اور اَعْمٰی کی عُمْیٌ ہے لیکن اگر کلمہ اجوف یائی ہو تو فاء کو کسرہ دے دیتے ہیں جیسے غِیْدٌ ، بِیْضٌ ، هِیْفٌ ، اَغْیَدُ ، اَبْیَض ، اَهْیَفُ کی جمع ہے۔

۲:۔ **فَعْلَان فَعْلٰی کا وزن** :۔ جب صفت فَعْلَان فَعْلٰی کے وزن پر ہو تو اس کی جمع فُعَالٰی یا فِعَال کے وزن پر آتی ہے۔ جیسے سُکَارٰی و حُیَارٰی ، سَکْرَان و حَیْرَان کی جمع ہے اور جِیَاعٌ اور عِضَابٌ ، جَوْعَان اور غَضْبَان کی جمع ہے۔

۳:۔ **اسم فاعل ناقص کا وزن** :۔ اسم فاعل ناقص کی جمع فُعَلَةٌ کے وزن پر آتی ہے جیسے دُعَاةٌ ، رُمَاةٌ اور غُزَاةُ کہ اصل ان کی دُعَوَةٌ ، رُمَيَةٌ اور غُزَيَةٌ ہے۔

٤:۔ **مادہ بمعنی ہلاکت یا درد وغیرہ** :۔ ایسے مادہ سے جو ہلاکت یا درد یا تشتت (گھبراہٹ) کے معنی پر دلالت کرے اس سے فعیل بمعنی مفعول کی جمع فَعْلٰی کے وزن پر آتی ہے جیسے جَرِیْحٌ کی جمع جَرْحٰی اور صَرِیْعٌ کی جمع صَرْعٰی ، شَتِیْتٌ کی جمع شَتّٰی اور اسی پر حمل کیا گیا ہے اس کو بھی جو معنی میں اس سے مشابہت رکھتا ہو اور فعیل بمعنی فاعل ہو جیسے مَرِیْضٌ کی جمع مَرْضٰی یا فَعِلٌ کے وزن پر ہو جیسے زَمِنٌ کی جمع زَمْنٰی یا فَاعِلٌ کے وزن پر ہو جیسے هَالِکٌ کی جمع هَلْکٰی۔

بقیہ قیاسی اوزان

صفات کی جمع کے بقیہ قیاسی اوزان چھ ہیں:۔

(۱) فُعَّالٌ (۲) فَعَلَةٌ (۳) فُعَّلٌ (۴) فَوَاعِلُ (۵) فُعَلَاءُ (۶) اَفْعِلَاءُ

۱۔۲:۔ فُعَّال اور فَعَلَة:۔ ہر اُس اسم کی جمع ہے جو فَاعِلٌ کے وزن پر ہو اور اس کا لام کلمہ صحیح ہو جیسے زَائِرٌ کی جمع زُوَّارٌ، صَائِمٌ کی جمع صُوَّامٌ اور کَاتِبٌ کی جمع کَتَبَةٌ، ظَالِمٌ کی جمع ظَلَمَةٌ اور کَافِرٌ کی جمع کَفَرَةٌ۔

فَعَلَةٌ کا وزن عموماً اس فاعل کی جمع کے لئے ہے جو اجوف سے ہو اور کسی پیشے پر دلالت کرتا ہو جیسے سَاقَةٌ، بَاعَةٌ، حَاكَةٌ، صَاغَةٌ کہ اصل میں سَوَقَةٌ، بَيَعَةٌ، حَيَكَةٌ، صَوَغَةٌ تھے۔

۳:۔ فُعَّلٌ بھی فَاعِلٌ کی جمع ہے جیسے سُجَّدٌ، سَاجِدٌ کی جمع، نُوَّمٌ، نَائِمٌ کی جمع، جُوَّعٌ جَائِعٌ کی جمع۔

۴:۔ فَوَاعِلُ فَاعِلَةٌ کی جمع ہے جیسے صَوَاحِبُ، صَاحِبَةٌ کی جمع، عَوَاذِلُ عَاذِلَةٌ کی جمع اور فواعل کے وزن پر اس فاعل کی جمع بھی آتی ہے جو طبقہ اناث کی صافت کیلئے ہو جیسے عَوَاقِرُ، عَاقِرٌ کی جمع، حَوَامِلُ، حَامِلٌ کی جمع، طَوَالِقُ، طَالِقٌ کی جمع۔

۵:۔ فُعَلَاءُ اُس فَعِيلٌ کی جمع ہے جو فاعل کے معنی میں ہو جیسے كُرَمَاءُ، كَرِيمٌ کی جمع، عُلَمَاءُ، عَلِيمٌ کی جمع۔

۶:۔ اَفْعِلَاءُ اُس فَعِيلٌ کی جمع ہے جو مضاعف یا معتل اللام ہو جیسے اَغْنِيَاءُ، غَنِيٌّ کی جمع. اَقْوِيَاءُ، قَوِی کی جمع۔

افعال لازمہ ومتعدیہ

فعل کی دو قسمیں ہیں:۔ فعل لازم اور فعل متعدی۔

(۱)...... فعل لازم:۔ وہ فعل ہے جس کا وجود صرف فاعل کے ساتھ قائم ہو مفعول بہ پر واقع نہ ہو جیسے ذَهَبَ زَيْدٌ (زید گیا) اور قَعَدَ عمرو (عمرو بیٹھا)۔

فائدہ:۔ اس کو لازم کے علاوہ غیر متعدی اور غیر واقع بھی کہتے ہیں۔

لازم:۔تو اس لئے کہ یہ فاعل کو لازم ہوتا ہے اور اس سے جدا نہیں ہوتا۔
غیر متعدی:۔اس لئے کہ یہ متعدی نہیں ہوتا جیسا کہ ظاہر ہے۔
غیر واقع:۔اس لئے کہ یہ مفعول بہ پر واقع نہیں ہوتا۔
تنبیہ:۔ فعل لازم کے لئے مفعول بہ تو نہیں ہوتا لیکن دوسرے مفاعیل ہوتے ہیں نیز اس سے صیغہ مجہول بھی نہیں آتا۔
(۲)......فعل متعدی:۔وہ فعل ہے جو فاعل کے ساتھ قائم ہونے کے ساتھ ساتھ مفعول بہ پر بھی واقع ہو جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ عمراً (زید نے عمرو کو مارا)

فائدہ:۔ اس کو متعدی کے علاوہ مجاوز اور واقع بھی کہتے ہیں۔
متعدی:۔تو اس لئے کہ تعدی کا معنی ہے آگے بڑھنا اور یہ فاعل سے بڑھ کر مفعول بہ تک جا پہنچتا ہے۔
مجاوز:۔اس لئے کہ یہ فاعل سے تجاوز کر جاتا ہے۔
واقع:۔اس لئے کہ یہ مفعول بہ پر واقع ہوتا ہے۔
تنبیہات:۔ (۱) فعل متعدی کے لئے مفعول بہ سمیت تمام مفاعیل استعمال ہوتے ہیں۔(۲) اس سے صیغہ مجہول بھی آتا ہے اور صیغہ بجائے فاعل کے مفعول بہ کو رفع دیتا ہے اس لئے اس کا مفعول بہ نائب فاعل ہوتا ہے (۳) فعل متعدی کبھی ایک مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے، کبھی دو اور کبھی تین کی طرف۔

قواعد

(۱) برائے تعدیہ لازم:۔فعل لازم چند چیزوں سے متعدی ہو جاتا ہے۔
۱......ہمزۂ افعال جیسے اَجْلَسْتُ زیداً (میں نے زید کو بٹھایا) اور جَلَسَ زَیْدٌ (زید بیٹھا) لازم ہے۔
۲......تضعیف عین جیسے فَرَّحْتُهٗ (میں نے اس کو خوش کیا) اور فَرِحَ زَیْدٌ (زید خوش ہوا) لازم ہے۔
۳......الف مفاعلہ جیسے مَاشَیْتُ زیداً یعنی میں نے چلنے میں زید کی مصاحبت اختیار کی اور مَشٰی زَیْدٌ (زید چلا) لازم ہے۔

۴﴾......سین استفعال جیسے اِسْتَخْرَجْتُ زیداً (میں نے زید کو نکالا) اور خَرَجَ (وہ نکلا) لازم ہے۔

۵﴾......بنائے فعل بروزن فَعَلَ یَفْعَلُ برائے غلبہ جیسے کَارَمَنِیْ فَکَرَمْتُہٗ ای غَلَبْتُہٗ فِیْ الْکَرَمِ۔

۶﴾......حرف جر (ثلاثی اور رباعی مجرد ومزید فیہ کے ہر فعل کے اندر) جیسے الف:۔ ذَھَبْتُ بِزَیْدٍ (میں زید کو لے گیا) یہ بغیر حرف جر لازم ہے جیسے ذَھَبَ زَیْدٌ (زید چلا گیا) یہ مجرد کی مثال ہے۔ (ب):۔ اِنْطَلَقْتُ بِہٖ (میں اس کو لے گیا) یہ بغیر حرف جر لازم ہے جیسے اِنْطَلَقَ (وہ چلا گیا) یہ مزید فیہ کی مثال ہے۔

-❀-

فوائد قوانین ثلاثی مجرد

﴿قانون ۱ ضَرَبَتْ کا قانون﴾

جب بھی فعل کے آخر میں تائے محض علامت تانیث کی ہو یعنی ضمیر فاعل نہ ہو تو اس تا کو ساکن کرنا واجب ہے جیسے ضَرَبَتْ۔

❑ . . . فوائد ضَرَبَتْ

فائدہ ۱: ـ ضَرَبَتْ کا قانون مکمل وجوبی ہے۔

فائدہ ۲: ـ یہ قانون صرف فعلوں میں جاری ہوتا ہے۔اور فعلوں میں فعل ماضی معلوم اور مجہول کی واحدہ مؤنثہ غائبہ کے صیغوں میں جاری ہوتا ہے۔چاہے ثلاثی مجرد اور ثلاثی مزید کے ابواب ہوں یا رباعی مجرد یا رباعی مزید کے ابواب ہوں۔

شمارہ	موزون	اصل	وزن	حروف اصلی	سہ اقسام	شش اقسام
۱	رَجِمَتْ		فَعِلَتْ	ر-ج-م	فعل	ثلاثی مجرد
۲	وَجِلَتْ		فَعِلَتْ	و-ج-ل	//	//
۳	عَسْعَسَتْ		فَعْلَلَتْ	ع-س-ع-س	//	رباعی مجرد
۴	قَرْقَرَتْ		فَعْلَلَتْ	ق-ر-ق-ر	//	//
۵	زُحْزِحَتْ		فُعْلِلَتْ	ز-ح-ز-ح	//	//
۶	طَفْطَفَتْ		فَعْلَلَتْ	ط-ف-ط-ف	//	//
۷	تَرْتَرَتْ		فَعْلَلَتْ	ت-ر-ت-ر	//	//
۸	زُلْزِلَتْ		فُعْلِلَتْ	ز-ل-ز-ل	//	//
۹	صَرْصَرَتْ		فَعْلَلَتْ	ص-ر-ص-ر	//	//
۱۰	اِنْفَجَرَتْ		اِنْفَعَلَتْ	ف-ج-ر	//	ثلاثی مزید
۱۱	اُنْزِلَتْ		اُفْعِلَتْ	ن-ز-ل	//	//
۱۲	تَشَابَهَتْ		تَفَاعَلَتْ	ش-ب-ہ	//	//
۱۳	تَوَاعَدَتْ		تَفَاعَلَتْ	و-ع-د	//	//
۱۴	شَرِبَتْ		فَعِلَتْ	ش-ر-ب	//	ثلاثی مجرد
۱۵	نَسِيَتْ		فَعِلَتْ	ن-س-ی	//	//
۱۶	وَرِمَتْ		فَعِلَتْ	و-ر-م	//	//
۱۷	وُعِدَتْ		فُعِلَتْ	و-ع-د	//	//
۱۸	تَيَاسَرَتْ		تَفَاعَلَتْ	ی-س-ر	//	ثلاثی مزید
۱۹	حَسُنَتْ		فَعُلَتْ	ح-س-ن	//	ثلاثی مجرد
۲۰	وَسُمَتْ		فَعُلَتْ	و-س-م	//	//
۲۱	حَبِطَتْ		فَعِلَتْ	ح-ب-ط	//	//
۲۲	ثُنِيَتْ		فُعِلَتْ	ث-ن-ی	//	//

ہفت اقسام	دوازدہ اقسام	نظیر	مشتق منہ	باب	قوانین
صحیح	ماضی معلوم	عَلِمَتْ	رَحِمَ	س	ضَرَبَتْ
مثال واوی	//	//	وَجِلَ	//	//
مضاعف رباعی	//	دَحْرَجَتْ	عَسْعَسَ	فعلله	ضَرَبَتْ ۔ ضَرَبْنَ ۲
//	//	//	قَرْقَرَ	//	//
//	ماضی مجہول	دُحْرِجَتْ	زُخْزِحَ	//	ماضی مجہول ۔ ضربن ۲ ۔ ضربت
//	ماضی معلوم	دَحْرَجَتْ	طَفْطَفَ	//	ضربت ۔ ضَرَبْنَ ۲
//	//	//	تَرْتَرَ	//	//
//	ماضی مجہول	دُحْرِجَتْ	زُلْزِلَ	//	ماضی مجہول ۔ ضربن ۲ ۔ ضربت
//	ماضی معلوم	دَحْرَجَتْ	صَرْصَرَ	//	ضربت ۔ ضَرَبْنَ ۲
صحیح	ماضی معلوم	اِنْصَرَفَتْ	اِنْفَجَرَ	انفعال	ضَرَبَتْ اخفاء ۔ ضَرَبْنَ ۲
//	ماضی مجہول	اُکْرِمَتْ	اُنْزِلَ	افعال	ضَرَبَتْ اخفاء ۔ ماضی مجہول ضَرَبْنَ ۲
//	ماضی معلوم	تَضَارَبَتْ	تَشَابَهَ	تفاعل	ضَرَبَتْ
مثال واوی	//	//	تَوَاعَدَ	//	//
صحیح	//	عَلِمَتْ	شَرِبَ	س	//
ناقص یائی	//	عَلِمَتْ	نَسِیَ	//	//
مثال واوی	//	حَسِبَتْ	وَرِمَ	ح	//
//	ماضی مجہول	ضُرِبَتْ	وُعِدَ	ض	ضَرَبَتْ ماضی مجہول
مثال یائی	ماضی معلوم	تَضَارَبَتْ	تَيَاسَرَ	تفاعل	//
صحیح	//	شَرُفَتْ	حَسُنَ	ك	//
مثال واوی	//	شَرُفَتْ	وَسُمَ	//	//
صحیح	ماضی معلوم	عَلِمَتْ	حَبِطَ	س	ضَرَبَتْ
ناقص یائی	ماضی مجہول	ضُرِبَتْ	ثُنِیَ	ض	ضَرَبَتْ ماضی مجہول

شمارہ	موزون	اصل	وزن	حروف اصلی	سہ اقسام	شش اقسام
۲۳	طَلَعَتْہُ	طَلَعَتْ	فَعَلَتْ	ط۔ل۔ع	فعل	ثلاثی مجرد
۲۴	فَلَمُلِئَتْ	مُلِئَتْ	فُعِلَتْ	م۔ل۔ء	//	//
۲۵	اِقْتَرَبَتْ		اِفْتَعَلَتْ	ق۔ر۔ب	//	ثلاثی مزید
۲۶	اِسْتَكْبَرَتْ		اِسْتَفْعَلَتْ	ک۔ب۔ر	//	//
۲۷	اِشْمَأَزَّتْ		اِفْعَلَلَّتْ	ش۔م۔أ۔ز	//	رباعی مزید
۲۸	فَسْوَدَّتْ	اِسْوَدَّتْ	اِفْعَلَّتْ	س۔و۔د	//	ثلاثی مزید
۲۹	تَقَطَّعَتْ		تَفَعَّلَتْ	ق۔ط۔ع	//	//
۳۰	فَنْكَدَرَتْ	اِنْكَدَرَتْ	اِنْفَعَلَتْ	ک۔د۔ر	//	//
۳۱	تَشَتَّتَتْ		تَفَعَّلَتْ	ش۔ت۔ت	//	ثلاثی مزید
۳۲	تَشَبَّعَتْ		تَفَعَّلَتْ	ش۔ب۔ع	//	//
۳۳	عَدِمَتْ		فَعِلَتْ	ع۔د۔م	//	ثلاثی مجرد
۳۴	عَرَفَتْ		فَعَلَتْ	ع۔ر۔ف	//	//
۳۵	اَبْصَرَتْ		اَفْعَلَتْ	ب۔ص۔ر	//	ثلاثی مزید
۳۶	تَيَقَّنَتْ		تَفَعَّلَتْ	ی۔ق۔ن	//	//
۳۷	تَرَدَّدَتْ		تَفَعَّلَتْ	ر۔د۔د	//	//
۳۸	خَصَّصَتْ		فَعَّلَتْ	خ۔ص۔ص	//	//
۳۹	طَلَبَتْ		فَعَلَتْ	ط۔ل۔ب		ثلاثی مجرد
۴۰	مَيَّزَتْ		فَعَّلَتْ	م۔ی۔ز	//	ثلاثی مزید
۴۱	اِسْتَشْكَلَتْ		اِسْتَفْعَلَتْ	ش۔ک۔ل	//	//

قانون ۲ ضَارِبَةٌ کا قانون

جب تائے علامت تانیث اسم کے آخر میں ہوتو اس تا کو وقف کی حالت میں ھا کرنا جائز ہے جیسے ضَارِبَةٌ سے ضَارِبَہْ۔

ہفت اقسام	دوازدہ اقسام	نظیر	مشتق منہ	باب	قوانین
صحیح	ماضی معلوم	نَصَرَتْ	طَلَعَ	ن	ضَرَبَتْ
مہموز اللام	ماضی مجہول	مُنِعَتْ	مُلِئَ	ف	ماضی مجہول۔ضَرَبَتْ
صحیح	ماضی معلوم	اِکْتَسَبَتْ	اِقْتَرَبَ	افتعال	ضَرَبَتْ ۔ضرب ن ۲
//	//	اِسْتَخْرَجَتْ	اِسْتَکْبَرَ	استفعال	//
مہموز اللام	//	اِقْشَعَرَّتْ	اِشْمَأَزَّ	افعلال	//
اجوف واوی	//	اِحْمَرَّتْ	اِسْوَدَّ	افعلال	ضَرَبَتْ ۔ہمزہ وصلی
صحیح	//	تَصَرَّفَتْ	تَقَطَّعَ	تفعل	ضَرَبَتْ
//	//	اِنْصَرَفَتْ	اِنْکَدَرَ	انفعال	ہمزہ وصلی قطعی۔ضَرَبَتْ اخفاء
مضاعف ثلاثی	//	تَصَرَّفَتْ	تَشَتَّتَ	تفعل	ضَرَبَتْ
صحیح	//	//	تَشَبَّعَ	//	//
//	//	عَلِمَتْ	عَلِمَ	س	//
//	//	ضَرَبَتْ	عَرَفَ	ض	//
//	//	اَکْرَمَتْ	اَبْصَرَ	افعال	//۔ضرب ن ۲
مثال یائی	//	تَصَرَّفَتْ	تَیَقَّنَ	تفعل	//
مضاعف ثلاثی	//	//	تَرَدَّدَ	//	//
//	//	صَرَّفَتْ	خَصَّصَ	تفعیل	//
صحیح	//	نَصَرَتْ	طَلَبَ	ن	//
اجوف یائی	//	صَرَّفَتْ	مَیَّزَ	تفعیل	//
صحیح	//	اِسْتَخْرَجَتْ	اِسْتَشْکَلَ	استفعال	//

□... فوائد ضَارِبَۃ

فائدہ ۱ ۔ یہ قانون جوازی ہے۔ **فائدہ ۲** ۔ یہ قانون صرف اسموں میں جاری ہوتا ہے۔جہاں بھی اسم کے آخر میں تا مدورہ ہو تو حالت وقف میں ''ھا'' بن جاتی ہے۔جیسے ضَارِبَۃ سے ضَارِبَہ ۔

شمارہ	موزون	اصل	وزن	حروف اصلی	سہ اقسام	شش اقسام
۴۲	رَازِحَہْ	رَازِحَةٌ	فَاعِلَةٌ	ر۔ز۔ح	اسم	ثلاثی مجرد
۴۳	خَالِعَہْ	خَالِعَةٌ	فَاعِلَةٌ	خ۔ل۔ع	//	//
۴۴	اَلْمُرْضِعَہْ	مُرْضِعَةٌ	مُفْعِلَةٌ	ر۔ض۔ع	//	ثلاثی مزید
۴۵	مُتَجَرِّعَہْ	مُتَجَرِّعَةٌ	مُتَفَعِّلَةٌ	ج۔ر۔ع	//	//
۴۶	جَارِحَہْ	جَارِحَةٌ	فَاعِلَةٌ	ج۔ر۔ح	//	ثلاثی مجرد
۴۷	مَخْنُوْسَہْ	مَخْنُوْسَةٌ	مَفْعُوْلَةٌ	خ۔ن۔س	//	//
۴۸	اَلْمُسْتَدْرِکَہْ	مُسْتَدْرِکَةٌ	مُسْتَفْعِلَةٌ	د۔ر۔ک	//	ثلاثی مزید
۴۹	رَاجِنَہْ	رَاجِنَةٌ	فَاعِلَةٌ	ر۔ج۔ن	//	ثلاثی مجرد
۵۰	مَمْدُوْدَہْ	مَمْدُوْدَةٌ	مَفْعُوْلَةٌ	م۔د۔د	//	//
۵۱	مُتَنَوِّھَہْ	مُتَنَوِّھَةٌ	مُتَفَعِّلَةٌ	ن۔و۔ہ	//	ثلاثی مزید
۵۲	مَوْدُوْعَہْ	مَوْدُوْعَةٌ	مَفْعُوْلَةٌ	و۔د۔ع	//	ثلاثی مجرد
۵۳	مَوْضُوْعَہْ	مَوْضُوْعَةٌ	مَفْعُوْلَةٌ	و۔ض۔ع	اسم	//
۵۴	مَذْمُوْمَہْ	مَذْمُوْمَةٌ	مَفْعُوْلَةٌ	ذ۔م۔م	//	//
۵۵	ذَاکِرَہْ	ذَاکِرَةٌ	فَاعِلَةٌ	ذ۔ک۔ر	//	//
۵۶	مُنْقَلِبَہْ	مُنْقَلِبَةٌ	مُنْفَعِلَةٌ	ق۔ل۔ب	//	ثلاثی مزید
۵۷	قَاعِدَہْ	قَاعِدَةٌ	فَاعِلَةٌ	ق۔ع۔د	//	ثلاثی مجرد
۵۸	مُنْفَجِرَہْ	مُنْفَجِرَةٌ	مُنْفَعِلَةٌ	ف۔ج۔ر	//	ثلاثی مزید
۵۹	اٰخِذَہْ	اٰخِذَةٌ	فَاعِلَةٌ	ء۔خ۔ذ	//	ثلاثی مجرد
۶۰	خَائِفَہْ	خَاوِفَةٌ	فَاعِلَةٌ	خ۔و۔ف	//	//
۶۱	مَاْکُوْلَہْ	مَاْکُوْلَةٌ	مَفْعُوْلَةٌ	ء۔ک۔ل	//	//
۶۲	مَقْصُوْرَہْ	مَقْصُوْرَةٌ	مَفْعُوْلَةٌ	ق۔ص۔ر	//	//
۶۳	اَلْعَابِدَہْ	عَابِدَةٌ	فَاعِلَةٌ	ع۔ب۔د	//	//

ہفت اقسام	دوازدہ اقسام	نظیر	مشتق منہ	باب	قوانین
صحیح	اسم فاعل	مَانِعَة	رَازِحٌ	ف	ضاربة اسم فاعل
//	//	//	خَالِعٌ	//	//
//	//	مُكْرِمَةٌ	مُرْضِعٌ	افعال	//
//	اسم مفعول	مُتَصَرَّفَةٌ	يُتَجَرَّعُ	تفعل	//۔اسم مفعول
//	اسم فاعل	عَالِمَةٌ	جَارِحٌ	س	//۔اسم فاعل
//	اسم مفعول	مَنْصُوْرَةٌ	مَخْنُوْسٌ	ن	//۔اسم مفعول
//	اسم فاعل	مُسْتَخْرِجَةٌ	مُسْتَدْرِكٌ	استفعال	//۔اسم فاعل۔اضافت
//	//	نَاصِرَةٌ	رَاجِنٌ	ن	//
مضاعف ثلاثی	اسم مفعول	مَنْصُوْرَةٌ	مَمْدُوْدٌ	//	//۔اسم مفعول
اجوف واوی	اسم فاعل	مُتَصَرِّفَةٌ	مُتَنَوِّهٌ	تفعل	//۔اسم فاعل
مثال واوی	اسم مفعول	مَمْنُوْعَةٌ	مَوْدُوْعٌ	ف	//۔اسم مفعول
//	//	مَمْنُوْعَةٌ	مَوْضُوْعٌ	ف	//۔اسم مفعول
مضاعف ثلاثی	//	مَنْصُوْرَةٌ	مَذْمُوْمٌ	ن	//
صحیح	اسم فاعل	نَاصِرَةٌ	ذَاكِرٌ	ن	//۔اسم فاعل
//	//	مُنْصَرِفَةٌ	مُنْقَلِبٌ	انفعال	//۔ضربن ۲
//	//	نَاصِرَةٌ	نَاصِرٌ	ن	//
//	//	مُنْصَرِفَةٌ	مُنْفَجِرٌ	انفعال	//۔ضربن ۲
مہموز الفاء	//	نَاصِرَةٌ	آخِذٌ	ن	//
اجوف واوی	//	عَالِمَةٌ	خَائِفٌ	س	//
مہموز الفاء	اسم مفعول	مَنْصُوْرَةٌ	يُؤْكَلُ	ن	//۔اسم مفعول
صحیح	//	مَنْصُوْرَةٌ	مَقْصُوْرٌ	//	//
//	اسم فاعل	نَاصِرَةٌ	عَابِدٌ	//	//۔اسم فاعل اضافت

شمارہ	موزون	اصل	وزن	حروف اصلی	سہ اقسام	شش اقسام
۶۴	بَالِغَۃٌ	بَالِغَۃٌ	فَاعِلَۃٌ	ب-ل-غ	اسم	ثلاثی مجرد
۶۵	اِمرَۃٌ	آمِرَۃٌ	فَاعِلَۃٌ	ا-م-ر	//	//
۶۶	قَارِعَۃٌ	قَارِعَۃٌ	فَاعِلَۃٌ	ق-ر-ع	//	//
۶۷	مَالِکَۃٌ	مَالِکَۃٌ	فَاعِلَۃٌ	م-ل-ک	//	//
۶۸	رَامِیَۃٌ	رَامِیَۃٌ	فَاعِلَۃٌ	ر-م-ی	//	//
۶۹	وَاقِفَۃٌ	وَاقِفَۃٌ	فَاعِلَۃٌ	و-ق-ف	//	//
۷۰	مَانِعَۃٌ	مَانِعَۃٌ	فَاعِلَۃٌ	م-ن-ع	//	//
۷۱	رَافِعَۃٌ	رَافِعَۃٌ	فَاعِلَۃٌ	ر-ف-ع	//	//
۷۲	خَاوِیَۃٌ	خَاوِیَۃٌ	فَاعِلَۃٌ	خ-و-ی	//	//
۷۳	نَاسِیَۃٌ	نَاسِیَۃٌ	فَاعِلَۃٌ	ن-س-ی	//	//
۷۴	مَخْصُوْصَۃٌ	مَخْصُوْصَۃٌ	مَفْعُوْلَۃٌ	خ-ص-ص	//	//
۷۵	مَرْھُوْنَۃٌ	مَرْھُوْنَۃٌ	مَفْعُوْلَۃٌ	ر-ھ-ن	//	//
۷۶	تَبْصِرَۃٌ	تَبْصِرَۃٌ	تَفْعِلَۃٌ	ب-ص-ر	//	ثلاثی مزید
۷۷	مَوْثُوْقَۃٌ	مَوْثُوْقَۃٌ	مَفْعُوْلَۃٌ	و-ث-ق	//	ثلاثی مجرد
۷۸	وَاجِفَۃٌ	وَاجِفَۃٌ	فَاعِلَۃٌ	و-ج-ف	//	//
۷۹	نَاطِقَۃٌ	نَاطِقَۃٌ	فَاعِلَۃٌ	ن-ط-ق	//	//
۸۰	نَاقِصَۃٌ	نَاقِصَۃٌ	فَاعِلَۃٌ	ن-ق-ص	//	//
۸۱	جَارِحَۃٌ	جَارِحَۃٌ	فَاعِلَۃٌ	ج-ر-ح	//	//
۸۲	عَالِمَۃٌ	عَالِمَۃٌ	فَاعِلَۃٌ	ع-ل-م	//	//
۸۳	فَسَقَۃٌ	فَسَقَۃٌ	فَعَلَۃٌ	ف-س-ق	//	//
۸۴	صِبْغَۃٌ	صِبْغَۃٌ	فِعْلَۃٌ	ص-ب-غ	//	//
۸۵	ثَانِیَۃٌ	ثَانِیَۃٌ	فَاعِلَۃٌ	ث-ن-ی	//	//

ہفت اقسام	دوازدہ اقسام	نظیر	مشتق منہ	باب	قوانین
صحیح	اسم فاعل	نَاصِرَةٌ	بَالِغٌ	ن	اسم فاعل۔اضافت
مہموز الفاء	//	نَاصِرَةٌ	آمِرٌ	//	اسم فاعل۔ضاربۃ
صحیح	//	مَانِعَةٌ	فَارِغٌ	ف	//
//	//	ضَارِبَةٌ	مَالِكٌ	ض	//
ناقص یائی	//	ضَارِبَةٌ	رَامٍ	//	//
مثال واوی	//	ضَارِبَةٌ	وَاقِفٌ	//	//
صحیح	اسم فاعل	مَانِعَةٌ	مَانِعٌ	ف	//
//	//	مَانِعَةٌ	رَافِعٌ	//	//
لفیف مقرون	//	ضَارِبَةٌ	خَاوٍ	ض	//
ناقص یائی	//	عَالِمَةٌ	نَاسٍ	س	//
مضاعف ثلاثی	اسم مفعول	مَنْصُوْرَةٌ	مَخْصُوْصٌ	ن	اسم مفعول۔ضاربۃ
صحیح	//	مَمْنُوْعَةٌ	مَرْهُوْنٌ	ف	//
صحیح	مصدر			تفعیل	ضاربۃ
مثال واوی	اسم مفعول	مَضْرُوْبَةٌ	مَوْثُوْقٌ	ض	اسم مفعول۔ضاربۃ
//	اسم فاعل	ضَارِبَةٌ	وَاجِفٌ	//	اسم فاعل۔ضاربۃ
صحیح	//	ضَارِبَةٌ	نَاطِقٌ	ض	//
//	//	نَاصِرَةٌ	نَاقِصٌ	ن	//
//	//	مَانِعَةٌ	جَارِحٌ	ف،س	//
//	//		عَالِمٌ	س	//
//	//	نَصْرَةٌ	فَاسِقٌ	ن	ضاربۃ
//	اسم مصدر	نِشْدَةٌ		ن	//
ناقص یائی	اسم فاعل	ضَارِبَةٌ	ثَانٍ	ض	اسم فاعل۔ضاربۃ

شمارہ	موزون	اصل	وزن	حروف اصلی	سہ اقسام	شش اقسام
۸۶	بَاصِرَةٌ	بَاصِرَةٌ	فَاعِلَةٌ	ب۔ص۔ر	اسم	ثلاثی مجرد
۸۷	مَرْبُوْطَةٌ	مَرْبُوْطَةٌ	مفعُوْلَةٌ	ر۔ب۔ط	//	//
۸۸	مَسْئُوْلَةٌ	مَسْئُوْلَةٌ	مفعُوْلَةٌ	س۔ء۔ل	//	//

﴿ قانون۳ ضَارِبَاتٌ مَضْرُوْبَاتٌ کا قانون ﴾

جب اسم میں دو علامت تانیث ایک جیسی ہوں تو ایک علامت کو حذف کرنا واجب ہے جیسے ضَارِبَتَاتٌ سے ضَارِبَاتٌ۔

... فوائد ضَارِبَاتٌ مَضْرُوْبَاتٌ

فائدہ ۱: یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

فائدہ ۲: یہ قانون صرف اسموں میں جاری ہوتا ہے۔ اسموں میں اسم فاعل، اسم مفعول اور صفت مشبہ کے جمع مؤنث سالم کے صیغوں میں جاری ہوتا ہے۔ اسم فاعل اور اسم مفعول چاہے ابواب ثلاثی مجرد میں سے ہو یا ثلاثی مزید میں سے ہو، رباعی مجرد میں سے ہو یا مزید میں سے ہو اور اسمائے جوامد میں جس کلمہ کے آخر میں الف اور تا زائدہ ہو بشرطیکہ مفرد میں بھی تاء ہو تو یہ قانون جاری ہوگا اسم فاعل کی مثال جیسے مُسْلِمَاتٌ اصل میں تھا مُسْلِمَتَاتٌ اور اسم جامد کی مثال جیسے جَنَّاتٌ اسکی مفرد جَنَّةٌ ہے۔ اصل میں تھا جَنَّتَاتٌ۔

ہفت اقسام	دوازدہ اقسام	نظیر	مشتق منہ	باب	قوانین
صحیح	اسم فاعل	عَالِمَۃٌ	بَاصِرٌ	س	اسم فاعل۔ضاربۃ
//	اسم مفعول	مَضْرُوْبَۃٌ	مَرْبُوْطٌ	ض	اسم مفعول۔ضاربۃ
مہموز العین	//	مَمْنُوْعَۃٌ	مَسْئُوْلٌ	ف	ضاربۃ۔اسم مفعول

فائدہ ۳: ثلاثی مزید کے اسم ظرف کی جمع کا صیغہ الف اور تاء کے ساتھ آتا ہے لیکن وہاں یہ قانون جاری نہیں ہوتا ہے کیونکہ مفرد میں تاء نہیں اور ثلاثی مجرد میں جو بھی صیغہ فُعْلَیَاتٌ، فَعْلَوَاتٌ کے وزن پر آجائے تو اسمیں یہ قانون جاری نہیں ہوگا اسم تفضیل کے جمع مؤنث میں بھی یہ قانون جاری نہیں ہوتا ہے کیونکہ دو علامت تانیث ایک جیسے نہیں جیسے ضُرْبَیَاتٌ۔

فائدہ ۴: مؤنث کے آٹھ علامات ہیں (۱)......تائے ساکنہ آخر میں ہو جیسے ضَرَبَتْ (۲)......تائے متحرکہ آخر میں ہو جیسے ضَارِبَۃٌ (۳)......الف مقصورہ آخر میں ہو جیسے حُبْلٰی (۴) الف ممدودہ آخر میں ہو جیسے حَمْرَآءُ (۵)......کلمہ کے آخر میں یا ساکن ماقبل مکسور ہو جیسے اِضْرِبِیْ (۶)......یائے ماقبل مفتوح ہو جیسے ضُرْبَیَاتٌ (۷)......کلمہ کے آخر میں نون مفتوح ماقبل ساکن ہو جیسے ضَرَبْنَ (۸)......ضمیر کو کسرہ ہو جیسے کِ اَنْتِ۔

فائدہ ۵: اصل نکالتے وقت لام کلمہ کے بعد الف تا زائدہ لمبی سے پہلے تا زائدہ لائی جائیگی جیسے ضَارِبَتَاتٌ۔

شمارہ	موزون	اصل	وزن	حروف اصلی	سہ اقسام	شش اقسام
۸۹	مَعْدُوْدَاتٌ	مَعْدُوْدَتَاتٌ	مَفْعُوْلَاتٌ	ع۔د۔د	اسم	ثلاثی مجرد
۹۰	جَامِعَاتٌ	جَامِعَتَاتٌ	فَاعِلَاتٌ	ج۔م۔ع	//	//
۹۱	ذَاكِرَاتٌ	ذَاكِرَتَاتٌ	فَاعِلَاتٌ	ذ۔ک۔ر	//	//
۹۲	اَلنّٰازِعَاتُ	نَازِعَتَاتٌ	فَاعِلَاتٌ	ن۔ز۔ع	//	//
۹۳	مَنْصُوْبَاتٌ	مَنْصُوْبَتَاتٌ	مَفْعُوْلَتَاتٌ	ن۔ص۔ب	//	//
۹۴	مَجْرُوْرَاتٌ	مَجْرُوْرَتَاتٌ	مَفْعُوْلَتَاتٌ	ج۔ر۔ر	//	//
۹۵	قَاصِرَاتٌ	قَاصِرَتَاتٌ	فَاعِلَتَاتٌ	ق۔ص۔ر	//	//
۹۶	جَاحِدَاتٌ	جَاحِدَتَاتٌ	فَاعِلَتَاتٌ	ج۔ح۔د	//	//
۹۷	مَفْتُوْحَاتٌ	مَفْتُوْحَتَاتٌ	مَفْعُوْلَتَاتٌ	ف۔ت۔ح	//	//
۹۸	مَعْرُوْضَاتٌ	مَعْرُوْضَتَاتٌ	مَفْعُوْلَاتٌ	ع۔ر۔ض		//
۹۹	اَلْمَطْبُوْعَاتُ	مَطْبُوْعَتَاتٌ	مَفْعُوْلَاتٌ	ط۔ب۔ع	//	//
۱۰۰	مَعْطُوْفَاتٌ	مَعْطُوْفَتَاتٌ	مَفْعُوْلَاتٌ	ع۔ط۔ف	//	//
۱۰۱	بَاقِيَاتٌ	بَاقِيَتَاتٌ	فَاعِلَاتٌ	ب۔ق۔ی	//	//
۱۰۲	مُتَشَابِهَاتٌ	مُتَشَابِهَتَاتٌ	مُتَفَاعِلَاتٌ	ش۔ب۔ہ	//	ثلاثی مزید
۱۰۳	مُحْكَمَاتٌ	مُحْكَمَتَاتٌ	مُفْعَلَاتٌ	ح۔ک۔م	//	//
۱۰۴	مُحَاكَمَاتٌ	مُحَاكَمَتَاتٌ	مُفَاعَلَاتٌ	ح۔ک۔م	//	//
۱۰۵	لِلْمُطَلَّقٰتِ	مُطَلَّقَتَاتٌ	مُفَعَّلَاتٌ	ط۔ل۔ق	//	//
۱۰۶	مُسَخَّرَاتٌ	مُسَخَّرَتَاتٌ	مُفَعَّلَاتٌ	س۔خ۔ر	//	//
۱۰۷	اَلْمُتَكَبِّرَاتُ	مُتَكَبِّرَتَاتٌ	مُتَفَعِّلَاتٌ	ک۔ب۔ر	//	//
۱۰۸	مُذَاكَرَاتٌ	مُذَاكَرَتَاتٌ	مُفَاعَلَاتٌ	ذ۔ک۔ر	//	//
۱۰۹	مُهَاجِرَاتٌ	مُهَاجِرَتَاتٌ	مُفَاعِلَاتٌ	ہ۔ج۔ر	//	//
۱۱۰	مُتَفَرِّدَاتٌ	مُتَفَرِّدَتَاتٌ	مُتَفَعِّلَاتٌ	ف۔ر۔د	//	//

ہفت اقسام	دوازدہ اقسام	نظیر	مشتق منہ	باب	قوانین
مضاعف ثلاثی	اسم مفعول	مَنْصُوْرَاتٌ	مَعْدُوْدَةٌ	ن	ضاربات مضروبات اسم مفعول
صحیح	اسم فاعل	مَانِعَاتٌ	جَامِعَةٌ	منع	ضاربات مضروبات اسم فاعل
صحیح	//	نَاصِرَاتٌ	ذَاكِرَةٌ	نصر	ضاربات۔ اسم فاعل
//	//	ضَارِبَاتٌ	اَلنَّازِعَةُ	ضرب	اسم مفعول ضاربات مضروبات نون تنوین
//	//	مَضْرُوْبَاتٌ	مَنْصُوْبٌ	//	اسم مفعول ضاربات مضروبات
مضاعف ثلاثی	اسم مفعول	مَنْصُوْرَاتٌ	مَجْرُوْرَةٌ	نصر	اسم مفعول ضاربات مضروبات
صحیح	اسم فاعل	نَاصِرَاتٌ	قَاصِرَةٌ	ن	اسم فاعل ضاربات مضروبات
//	//	مَانِعَاتٌ	جَاحِدَةٌ	منع	//
//	اسم مفعول	مَمْنُوْعَاتٌ	مَفْتُوْحَةٌ	//	اسم مفعول ضاربات مضروبات
//	//	مَضْرُوْبَاتٌ	مَعْرُوْضَةٌ	ضرب	//
//	//	مَضْرُوْبَاتٌ	اَلْمَطْبُوْعَةُ	منع	//
//	//	مَضْرُوْبَاتٌ	مَعْطُوْفَةٌ	ضرب	//
ناقص یائی	اسم فاعل	ضَارِبَاتٌ	بَاقِيَةٌ	//	ضاربات مضروبات اسم فاعل
صحیح	//	مُتَضَارِبَاتٌ	مُتَشَابِهَةٌ	تفاعل	//
//	اسم مفعول	مُكْرَمَاتٌ	مُحْكَمَةٌ	افعال	ضاربات مضروبات اسم مفعول
//	//	مُضَارَبَاتٌ	مُحَاكَمَةٌ	مفاعلہ	//
//	//	مُصَرَّفَاتٌ	مُطَلَّقَةٌ	تفعیل	//۔ اضافت
//	//	مُصَرَّفَاتٌ	مُسَخَّرَةٌ	//	ضاربات مضروبات اسم مفعول
//	//	مُتَصَرَّفَاتٌ	مُتَكَبِّرَةٌ	تفاعل	//۔ اضافت
//	//	مُضَارَبَاتٌ	مُذَاكَرَةٌ	مفاعلہ	ضاربات مضروبات اسم مفعول
//	اسم فاعل	مُضَارِبَاتٌ	مُهَاجِرَةٌ	//	ضاربات مضروبات اسم فاعل
//	//	مُتَصَرِّفَاتٌ	مُتَفَرِّدَةٌ	تفاعل	//

شمارہ	موزون	اصل	وزن	حروف اصلی	سہ اقسام	شش اقسام
۱۱۱	اَلْمُقَطَّعَاتُ	مُقَطَّعَتَاتٌ	مُفَعَّلَاتٌ	ق۔ط۔ع	اسم	ثلاثی مزید
۱۱۲	مُتَحَرِّکَاتٌ	مُتَحَرِّکَتَاتٌ	مُتَفَعِّلَاتٌ	ح۔ر۔ک	//	//
۱۱۳	مُلْعِنَاتٌ	مُلْعِنَتَاتٌ	مُفْعِلَاتٌ	ل۔ع۔ن	//	//
۱۱۴	اَلْمُعْتَرِضَاتُ	مُعْتَرِضَتَاتٌ	مُفْتَعِلَاتٌ	ع۔ر۔ض	//	//
۱۱۵	اَلْمُبَعْثَرَاتُ	مُبَعْثَرَتَاتٌ	مُفَعْلَلَاتٌ	ب۔ع۔ث۔ر	//	رباعی مجرد
۱۱۶	مُتَنَزِّهَاتٌ	مُتَنَزِّهَتَاتٌ	مُتَفَعِّلَاتٌ	ن۔ز۔ہ	//	ثلاثی مزید
۱۱۷	مُتَتَابِعَاتٌ	مُتَتَابِعَتَاتٌ	مُتَفَاعِلَاتٌ	ت۔ب۔ع	//	//
۱۱۸	مُسْتَحْضَرَاتٌ	مُسْتَحْضَرَتَاتٌ	مُسْتَفْعَلَاتٌ	ح۔ض۔ر	//	//
۱۱۹	مُتَقَوِّمَاتٌ	مُتَقَوِّمَتَاتٌ	مُتَفَعِّلَاتٌ	ق۔و۔م	//	//
۱۲۰	مُتَصَادِقَاتٌ	مُتَصَادِقَتَاتٌ	مُتَفَعِلَاتٌ	ص۔د۔ق	//	//
۱۲۱	مُشَاهَدَاتٌ	مُشَاهَدَتَاتٌ	مُفَاعَلَاتٌ	ش۔ہ۔د	//	//
۱۲۲	مُخْتَصِرَاتٌ	مُخْتَصِرَتَاتٌ	مُفْتَعِلَاتٌ	خ۔ص۔ر	//	//
۱۲۳	مُغَلَّظَاتٌ	مُغَلَّظَتَاتٌ	مُفَعَّلَاتٌ	غ۔ل۔ظ	//	//
۱۲۴	مُعْتَدِلَاتٌ	مُعْتَدِلَتَاتٌ	مُفْتَعِلَاتٌ	ع۔د۔ل	//	ثلاثی مزید
۱۲۵	مُنْتَخِبَاتٌ	مُنْتَخِبَتَاتٌ	مُفْتَعِلَاتٌ	ن۔خ۔ب	//	//
۱۲۶	مُلْتَمِسَاتٌ	مُلْتَمِسَتَاتٌ	مُفْتَعِلَاتٌ	ل۔م۔س	//	//
۱۲۷	مُهْتَدِمَاتٌ	مُهْتَدِمَتَاتٌ	مُفْتَعِلَاتٌ	ہ۔د۔م	//	//
۱۲۸	مُعْتَرِفَاتٌ	مُعْتَرِفَتَاتٌ	مُفْتَعِلَاتٌ	ع۔ر۔ف	//	//
۱۲۹	عَائِدَاتٌ	عَاوِدَتَاتٌ	فَاعِلَاتٌ	ع۔و۔د	//	ثلاثی مجرد
۱۳۰	سَاجِدَاتٌ	سَاجِدَتَاتٌ	فَاعِلَاتٌ	س۔ج۔د	//	//
۱۳۱	نَاصِرَاتٌ	نَاصِرَتَاتٌ	فَاعِلَاتٌ	ن۔ص۔ر	//	//
۱۳۲	نَاعِمَاتٌ	نَاعِمَتَاتٌ	فَاعِلَاتٌ	ن۔ع۔م	//	//

ہفت اقسام	دوازدہ اقسام	نظیر	مشتق منہ	باب	قوانین
صحیح	اسم مفعول	مُصَرَّفَاتٌ	مُقَطَّعَةٌ	تفعیل	اضافت ضاربات مضروبات اسم مفعول
//	اسم فاعل	مُتَصَرِّفَاتٌ	مُتَحَرِّكَةٌ	تفعّل	ضاربات مضروبات اسم فاعل
//	اسم فاعل	مُكْرِمَاتٌ	مُلْعِنَةٌ	افعال	ضاربات مضروبات اسم فاعل
//	//	مُكْتَسِبَاتٌ	مُعْتَرِضَةٌ	افتعال	اضافت ضاربات مضروبات اسم فاعل
//	اسم مفعول	مُدَحْرَجَاتٌ	مُبَعْثَرَةٌ	فعللة	اضافت ضاربات مضروبات اسم مفعول
//	//	مُتَصَرِّفَاتٌ	مُتَنَزِّهَةٌ	تفعّل	ضاربات مضروبات اسم مفعول
//	اسم فاعل	مُتَضَارِبَاتٌ	مُتَتَابِعَةٌ	تفاعل	//۔اسم فاعل
//	اسم مفعول	مُسْتَخْرَجَاتٌ	مُسْتَحْضَرَةٌ	استفعال	//۔اسم مفعول
اجوف واوی	//	مُتَصَرِّفَاتٌ	مُتَقَوِّمَةٌ	تفعّل	//۔//
صحیح	اسم فاعل	مُتَضَارِبَاتٌ	مُتَصَادِقَةٌ	تفاعل	ضاربات مضروبات اسم فاعل
//	اسم مفعول	مُضَارَبَاتٌ	مُشَاهَدَةٌ	مفاعله	ضاربات مضروبات اسم مفعول
//	اسم فاعل	مُكْتَسِبَاتٌ	مُخْتَصِرَةٌ	افتعال	ضاربات مضروبات اسم فاعل
//	اسم مفعول	مُصَرَّفَاتٌ	مُغَلَّظَةٌ	تفعیل	ضاربات مضروبات اسم مفعول
//	اسم فاعل	مُكْتَسِبَاتٌ	مُعْتَدِلَةٌ	افتعال	ضاربات مضروبات اسم فاعل
//	//	مُكْتَسِبَاتٌ	مُنْتَخِبَةٌ	//	//
//	//	مُكْتَسِبَاتٌ	مُلْتَمِسَةٌ	//	//
//	//	مُكْتَسِبَاتٌ	مُهْتَدِمَةٌ	//	//
//	//	مُكْتَسِبَاتٌ	مُعْتَرِفَةٌ	//	//
اجوف واوی	//	ضَارِبَاتٌ	عَائِدَةٌ	ن	//
صحیح	//	نَاصِرَاتٌ	سَاجِدَةٌ	//	//
//	//		نَاصِرَةٌ	//	//
//	//		نَاعِمَةٌ	س	//

شمارہ	موزون	اصل	وزن	حروف اصلی	سہ اقسام	شش اقسام
۱۳۳	کَاذِبَاتٌ	کَاذِبَتَاتٌ	فَاعِلَاتٌ	ک۔ذ۔ب	اسم	ثلاثی مجرد
۱۳۴	رَاقِدَاتٌ	رَاقِدَتَاتٌ	فَاعِلَاتٌ	ر۔ق۔د	//	//
۱۳۵	کَاسِیَاتٌ	کَاسِیَتَاتٌ	فَاعِلَاتٌ	ک۔س۔ی	//	//
۱۳۶	مَأْمُوْرَاتٌ	مَأْمُوْرَتَاتٌ	مَفْعُوْلَاتٌ	ء۔م۔ر	//	//
۱۳۷	مَوْدُوْدَاتٌ	مَوْدُوْدَتَاتٌ	مَفْعُوْلَاتٌ	و۔د۔د	//	//
۱۳۸	مَکْشُوْفَاتٌ	مَکْشُوْفَتَاتٌ	مَفْعُوْلَاتٌ	ک۔ش۔ف	//	//
۱۳۹	مَوْعُوْدَاتٌ	مَوْعُوْدَتَاتٌ	مَفْعُوْلَاتٌ	و۔ع۔د	//	//
۱۴۰	مَسْئُوْلَاتٌ	مَسْئُوْلَتَاتٌ	مَفْعُوْلَاتٌ	س۔ء۔ل	//	//
۱۴۱	مُبْصِرَاتٌ	مُبْصِرَتَاتٌ	مُفْعِلَاتٌ	ب۔ص۔ر	//	ثلاثی مزید
۱۴۲	مُخَصَّصَاتٌ	مُخَصَّصَتَاتٌ	مُفَعَّلَتَاتٌ	خ۔ص۔ص	//	//
۱۴۳	مُمَیَّزَاتٌ	مُمَیَّزَتَاتٌ	مُفَعَّلَاتٌ	م۔ی۔ز	//	//
۱۴۴	مُتَرَدِّدَاتٌ	مُتَرَدِّدَتَاتٌ	مُتَفَعِّلَتَاتٌ	ر۔د۔د	//	//
۱۴۵	مُصَنَّفَاتٌ	مُصَنَّفَتَاتٌ	مُفَعَّلَاتٌ	ص۔ن۔ف	//	//
۱۴۶	مُشْکِلَاتٌ	مُشْکِلَتَاتٌ	مُفْعِلَاتٌ	ش۔ک۔ل	//	//

قوانین	باب	مشتق منہ	نظیر	دوازدہ اقسام	ہفت اقسام
ضاربات معضروبات اسم فاعل	ض	كَاذِبَةٌ	ضَارِبَاتٌ	اسم فاعل	صحیح
//	ن	رَاقِدَةٌ	نَاصِرَاتٌ	//	//
//	ک،س	كَاسِيَةٌ	عَالِمَاتٌ	//	ناقص یائی
//۔اسم مفعول	ن	مَأْمُوْرَةٌ	مَنْصُوْرَاتٌ	اسم مفعول	مہموز الفاء
//	ف	مَوْدُوْدَةٌ	مَمْنُوْعَاتٌ	//	مضاعف ثلاثی مثال واوی
//	ض	مَكْشُوْفَةٌ	مَضْرُوْبَاتٌ	//	صحیح
//	//	مَوْعُوْدَةٌ	//	//	مثال واوی
//	ف	مَسْئُوْلَةٌ	مَمْنُوْعَاتٌ	//	مہموز العین
ضاربات معضروبات اسم فاعل۲	افعال	مُبْصِرَةٌ	مُكْرِمَاتٌ	اسم فاعل	صحیح
ضاربات معضروبات اسم مفعول	تفعیل	مُخَصَّصَةٌ	مُصَرَّفَاتٌ	اسم مفعول	مضاعف ثلاثی
//	//	مُمَيَّزَةٌ	//	//	اجوف یائی
//۔اسم فاعل	تفعل	مُتَرَدِّدَةٌ	مُتَصَرِّفَاتٌ	اسم فاعل	مضاعف ثلاثی
//۔اسم مفعول	تفعیل	مُصَنَّفَةٌ	مُصَرَّفَاتٌ	اسم مفعول	صحیح
//۔اسم فاعل	افعال	مُشْكِلَةٌ	مُكْرِمَاتٌ	اسم فاعل	//

﴿قانون۴ ضَرَبْنَ کا پہلا قانون﴾

فعل میں دو علامت تانیث کا اجتماع مطلقاً جائز نہیں جیسے ضَرَبْتَنَ میں تا کو حذف کر کے ضَرَبْنَ پڑھنا واجب ہے۔

... فوائد ضَرَبْنَ

فائدہ ۱: یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

فائدہ ۲: یہ قانون صرف فعلوں میں جاری ہوتا ہے اور فعلوں میں بھی صرف ماضی معلوم و مجہول کے جمع مؤنث غائبات کے صیغوں میں جاری ہوتا ہے جونسا بھی باب ہو جیسے:۔ضَرَبْتَنَ ضُرِبْتُنَ سے ضَرَبْنَ ضُرِبْنَ ۔ ضَرَبْتَنَ میں تا اور نون دونوں مؤنث کی علامتیں ہیں لیکن تا کو حذف کیا گیا کیونکہ وہ مشتق منہ کی علامت ہے۔

فائدہ ۳: اصل نکالتے وقت نون سے پہلے تا ساکن لائی جائیگی جیسے اَکْرَمْتَنَ ۔

﴿قانون۵ ضَرَبْنَ کا دوسرا قانون﴾

چار حرکتوں کا پے در پے ایک کلمہ میں اجتماع جائز نہیں جیسے ضَرَبَنَ سے ضَرَبْنَ ۔

... فوائد ضَرَبْنَ

فائدہ ۱: یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

فائدہ ۲: یہ قانون ماضی معلوم و مجہول کے پہلے پانچ پانچ صیغوں کے علاوہ باقی نو صیغوں

میں جاری ہوتا ہے۔

فائدہ ۳: ثلاثی مجرد میں اسمائے مشتقات کے علاوہ باقی فعل مضارع سے لیکر آخر تک تمام صیغوں میں جاری ہوتا ہے۔ باب ثلاثی مجرد کے یَضْرِبُ تَضْرِبُ اَضْرِبُ نَضْرِبُ میں یہ قانون اِصالتاً جاری ہوتا ہے باقی صیغوں میں ان کی متابعت سے جاری ہوگا، اسی طرح اسم ظرف اور اسم آلہ صغری اور وسطی کے دو اور اسم تفضیل کے پہلے تین صیغوں میں جاری ہوتا ہے اور مزیدات میں صرف باب تفعلل، افعال اور فعللۃ کے مکمل باب میں جاری ہوتا ہے پھر چاہئے اسم ہو یا فعل ہو۔

فائدہ ۴: جوامد میں بھی جب چار حرکات آجائے تو یہ قانون جاری ہوتا ہے جیسے: فعل کی مثال دَحْرَجَ سے دَحُرَجَ ضَرَبْنَ سے ضَرَبُنَ اور جامد کی مثال جَعْفَرٌ سے جَعُفَرٌ۔

فائدہ ۵: فعل کے بعد جب بھی ضمیر مرفوع متصل آجائے تو اس کے ماقبل کو ساکن کرنا اس قانون کا کام ہے جیسے ضَرَبَتُ سے ضَرَبْتُ۔

فائدہ ۶: کلمہ حکمی وہ ہے جو دو کلموں کو ملا کر ایک سمجھا جائیں یہ تب ہوگا جبکہ دوسرا کلمہ فاعل یعنی کام کرنے والا کا معنیٰ بتائے جیسے ضَرَبْتُ۔

فائدہ ۷: ضَرَبَۃٌ میں قانون ضَرَبْنَ نمبر۲ اس لئے جاری نہیں ہوتا ہے کہ تا وقف کی حالت میں ھا بن جاتی ہے۔

فائدہ ۸: جہاں قانون ضَرَبْنَ نمبر۱ جاری ہوگا تو ضَرَبْنَ نمبر۲ ضروری جاری ہوگا باقی اس کا عکس نہیں۔

فائدہ ۹: اصل نکالتے وقت چار حرکات پڑھے جائینگے جو کہ پے در پے ہوں جیسے دَحَرَجَ۔

شمارہ	موزون	اصل	وزن	حروف اصلی	سہ اقسام	شش اقسام
۱۴۷	وَجَدْنَ	وَجَدْتُنَ	فَعَلْنَ	و۔ج۔د	فعل	ثلاثی مجرد
۱۴۸	نَفَخْتُ	نَفَخْتُ	فَعَلْتُ	ن۔ف۔خ	//	//
۱۴۹	هَدَيْنَا	هَدَيْنَا	فَعَلْنَا	ھ۔د۔ی	//	//
۱۵۰	نَسِيْتَ	نَسِيْتَ	فَعِلْتَ	ن۔س۔ی	//	//
۱۵۱	فَرَرْتُ	فَرَرْتُ	فَعَلْتُ	ف۔ر۔ر	//	//
۱۵۲	قَصَصْنَ	قَصَصْتَنَ	فَعَلْنَ	ق۔ص۔ص	//	//
۱۵۳	حَكَمْنَ	حَكَمْتَنَ	فَعَلْنَ	ح۔ک۔م	//	//
۱۵۴	ظَلَلْنَ	ظَلَلْتَنَ	فَعَلْنَ	ظ۔ل۔ل	//	//
۱۵۵	فَرَدَدْنَا	رَدَدْنَا	فَفَعَلْنَا	ر۔د۔د	//	//
۱۵۶	اَكْرَمْنَ	اَكْرَمْتَنَ	اَفْعَلْنَ	ک۔ر۔م	//	ثلاثی مزید
۱۵۷	تَبَارَكْتَ	تَبَارَكْتَ	تَفَاعَلْتَ	ب۔ر۔ک	//	//
۱۵۸	طَفْطَفَ	طَفْطَفَ	فَعْلَلَ	ط۔ف۔ط۔ف	//	رباعی مجرد
۱۵۹	عَسْعَسَ	عَسْعَسَ	فَعْلَلَ	ع۔س۔ع۔س	//	//
۱۶۰	يَضْرِبُ	يَضْرِبُ	يَفْعِلُ	ض۔ر۔ب	//	ثلاثی مجرد
۱۶۱	يُقْرَءُ	يُقْرَءُ	يُفْعَلُ	ق۔ر۔ء	//	//
۱۶۲	دَحْرَجَ	دَحْرَجَ	فَعْلَلَ	د۔ح۔ر۔ج	//	رباعی مجرد
۱۶۳	زُحْزِحَ	زُحْزِحَ	فُعْلِلَ	ز۔ح۔ز۔ح	//	//
۱۶۴	مُسَلْسَلٌ	مُسَلْسَلٌ	مُفَعْلَلٌ	س۔ل۔س۔ل	اسم	//
۱۶۵	صَفْصَفٌ	صَفْصَفٌ	فَعْلَلٌ	ص۔ف۔ص۔ف	//	//
۱۶۶	يُكَبْكِبُ	يُكَبْكِبُ	يُفَعْلِلُ	ک۔ب۔ک۔ب	فعل	//
۱۶۷	يَجْلَوِزُ	يَجْلَوِزُ	يَفْعَوِلُ	ج۔ل۔ز	//	ثلاثی مزید
۱۶۸	نُلْزِمُ	نُلْزِمُ	نُفْعِلُ	ل۔ز۔م	//	//

ہفت اقسام	دوازدہ اقسام	نظیر	مشتق منہ	باب	قوانین
مثال واوی	ماضی معلوم	ضَرَبْنَ	وَجَدْتُ	ض	ضربن نمبرا۔۲
صحیح	//	نَصَرْتُ	نَفَخَ	ن	ضربن نمبر۲
ناقص یائی	//	ضَرَبْتنَا	هَدَیَ	ض	//
//	//	عَلِمْتَ	نَسِيَ	س	//
مضاعف ثلاثی	//	ضَرَبْتُ	فَرَرَ	ض	//
//	//	نَصَرْنَ	قَصَصْتُ	ن	ضربن نمبرا۔۲
صحیح	//	//	حَكَمْتُ	//	//
مضاعف ثلاثی	//	عَلِمْنَ	ظَلِلْتُ	س	//
//	//	نَصَرْنَا	رَدَدْتُ	ن	ضربن نمبر۲
صحیح	//		اَكْرَمْتُ	افعال	ضربن نمبرا۔۲
//	//	تَضَارَبْتَ	تَبَارَكَ	تفاعل	ضربن نمبر۲
مضاعف رباعی	فعل ماضی معلوم	دَحْرَجَ	طَفْطَفَةً	فعلله	//
//	//	//	عَسْعَسَةً	//	//
صحیح	فعل مضارع		ضَرَبَ	ض	//
مہموز اللام	//	يُمْنَعُ	يَقْرَءُ	ف	//۔مضارع مجہول
صحیح	فعل ماضی		دَحْرَجَةً	فعلله	//
مضاعف رباعی	//	دُحْرِجَ	زَحْزَحَ	//	ضربن۲۔ ماضی مجہول
//	اسم مفعول	مُدَحْرَجٌ	يُسَلْسَلُ	//	//۔اسم مفعول
//	جامد	جَعْفَرٌ		//	//
//	مضارع	يُدَحْرِجُ	كَبْكَبَ	فعلله	//
صحیح	مضارع معلوم		اِجْلَوَّزَ	افعوال	//
//	//	نُكْرِمُ	اُلْزِمُ	افعال	//

شمارہ	موزون	اصل	وزن	حروف اصلی	سہ اقسام	شش اقسام
١٦٩	فَرِحْنَ	فَرِحْتَنَ	فَعِلْنَ	ف۔ر۔ح	فعل	ثلاثی مجرد
١٧٠	كَتَبْنَ	كَتَبْتَنَ	فَعَلْنَ	ک۔ت۔ب	//	//
١٧١	غَرَرْنَ	غَرَرْتَنَ	فَعَلْنَ	غ۔ر۔ر	//	//
١٧٢	حَصْحَصْنَ	حَصْحَصْتَنَ	فَعْلَلْنَ	ح۔ص۔ح۔ص	//	رباعی مجرد
١٧٣	تَوَكَّلْنَ	تَوَكَّلْتَنَ	تَفَعَّلْنَ	و۔ک۔ل	//	ثلاثی مزید
١٧٤	كَرِهْنَ	كَرِهْتَنَ	فَعِلْنَ	ک۔ر۔ہ	//	ثلاثی مجرد
١٧٥	يَسَرْنَ	يَسَرْتَنَ	فَعَلْنَ	ی۔س۔ر	//	//
١٧٦	نَصَرْنَ	نَصَرْتَنَ	فَعَلْنَ	ن۔ص۔ر	//	//
١٧٧	عَلِمْنَ	عَلِمْتَنَ	فَعِلْنَ	ع۔ل۔م	//	//
١٧٨	سَمِعْنَ	سَمِعْتَنَ	فَعِلْنَ	س۔م۔ع	//	//
١٧٩	اَكَلْنَ	اَكَلْتَنَ	فَعَلْنَ	اَ۔ک۔ل	//	//
١٨٠	شَرِبْنَ	شَرِبْتَنَ	فَعِلْنَ	ش۔ر۔ب	//	//
١٨١	جَحَدْنَ	جَحَدْتَنَ	فَعَلْنَ	ج۔ح۔د	//	//
١٨٢	سَجَدْنَ	سَجَدْتَنَ	فَعَلْنَ	س۔ج۔د	//	ثلاثی مجرد
١٨٣	سَلْسَلَ	سَلْسَلَ	فَعْلَلَ	س۔ل۔س۔ل	//	رباعی مجرد
١٨٤	صَرْصَرَ	صَرْصَرَ	فَعْلَلَ	ص۔ر۔ص۔ر	//	//
١٨٥	قَرْقَرَ	قَرْقَرَ	فَعْلَلَ	ق۔ر۔ق۔ر	//	//
١٨٦	مَدَدْنَ	مَدَدْتَنَ	فَعَلْتَنَ	م۔د۔د	//	ثلاثی مجرد
١٨٧	سَمِعْتُ	سَمِعَتُ	فَعِلْتُ	س۔م۔ع	//	//
١٨٨	وَجَدْتُ	وَجَدْدَتُ	فَعَلْتُ	و۔ج۔د	//	//
١٨٩	حَاسَبْنَاهَا	حَاسَبَنَهَا	فَاعَلْنَهَا	ح۔س۔ب	//	ثلاثی مزید
١٩٠	وُعِيْنَ	وُعِيْتَنَ	فُعِلْنَ	و۔ع۔ی	//	ثلاثی مجرد
١٩١	اَخَذْنَ	اَخَذْتَنَ	فَعَلْنَ	ء۔خ۔ذ	//	//

ہفت اقسام	دوازدہ اقسام	نظیر	مشتق منہ	باب	قوانین
صحیح	ماضی معلوم	عَلِمْنَ	فَرِحْتُ	س	ضربن نمبرا۔۲
//	//	نَصَرْنَ	كَتَبْتُ	ن	ضربن نمبرا۔۲
مضاعف ثلاثی	//	//	غَرَرْتُ	//	//
مضاعف رباعی	//	دَحْرَجْنَ	حَصْحَصْتُ	فعلله	//
مثال واوی	//	تَصَرَّفْنَ	تَوَكَّلْتُ	تفعل	//
صحیح	//	عَلِمْنَ	كَرِهْتُ	س	//
مثال یائی	//	ضَرَبْنَ	يَسَرْتُ	ض	//
صحیح	//		نَصَرْتُ	ن	//
//	//		عَلِمْتُ	س	//
//	//	عَلِمْنَ	سَمِعْتُ	س	//
مہموز الفاء	//	نَصَرْنَ	اَكَلْتُ	ن	//
صحیح	//	عَلِمْنَ	شَرِبْتُ	س	//
//	//	ضَرَبْنَ	جَحَدْتُ	ض	//
//	ماضی معلوم	نَصَرْنَ	سَجَدْتُ	ن	//
مضاعف رباعی	//	دَحْرَجَ	سَلْسَلَةً	فعلله	ضربن نمبر۲
//	//	//	صَرْصَرَةً	//	//
//	//	//	قَرْقَرَةً	//	//
مضاعف ثلاثی	//	نَصَرْنَ	مَدَدْتُ	ن	ضربن نمبرا۔۲
صحیح	//	عَلِمْتُ	سَمِعَ	س	ضربن ۲
مثال واوی	//	ضَرَبْتُ	وَجَدَ	ض	//۔ وعدت
صحیح	ماضی معلوم	ضَارِبْن	حَاسَبْتُ	مفاعله	//
لفیف مفروق	ماضی مجہول	ضُرِبْنَ	وُعِيتُ	ض	ضربن ا۔۲۔ ماضی مجہول
مہموز الفاء	ماضی معلوم	ضَرَبْنَ	اَخَذْتُ	ن	ضربن ا۔۲

﴿قانون۶ ضَرَبْتُمْ اَنْتُمْ و اَنْزَلْتُمُوْہ کا قانون﴾

جو واو اسم غیر متمکن کے آخر میں ہو اور اس کا ماقبل مضموم ہو اور وہ کلمہ بنا صالح سے کم نہ ہو تو اس واو کو حذف کر کے اس کے ماقبل کو ساکن کرنا واجب ہے جیسے ضَرَبْتُمُوْ اَنْتُمُوْ سے ضَرَبْتُمْ اَنْتُمْ ۔

اور کلمہ محذوف الواو کے آخر میں جب ضمیر منصوب متصل ملی ہوئی ہو تو حذف شدہ واو کو لوٹانا واجب ہے جیسے اَنْزَلْتُمْ سے اَنْزَلْتُمُوْہ۔

□ . . . فوائد ضَرَبْتُمْ اَنْتُمْ و اَنْزَلْتُمُوْہ

فائدہ ۱: یہ دونوں قوانین مکمل وجوبی ہے۔

فائدہ ۲: یہ دونوں قانون صرف اسموں میں جاری ہوتے ہیں اور اسموں میں سے صرف اسم غیر متمکن میں جاری ہوتے ہیں یعنی اس ضمیر میں جو جمع مذکر پر دلالت کرے پھر چاہے ضمیر مرفوع متصل ہو جیسے ضَرَبْتُمْ یا منفصل ہو جیسے اَنْتُمْ یا ضمیر منصوب اور مجرور ہو بشرطیکہ واو ماقبل مضموم اسم مبنی کامل البناء کے آخر میں ہو باقی اگر کلمہ کے آخر میں ضمیر منصوب متصل ملی ہوئی ہو تو حذف شدہ واو واپس لوٹ جائیگا جیسے ضَرَبْتُمُوْہ۔

فائدہ ۳: جس کلمہ کے آخر میں مذکورہ ضمیریں آجائیں تو یہ قانون جاری ہوگا اصل نکالتے وقت پہلی صورت میں واو لائی جائیگی پھر حذف کی جائیگی جیسے ضَرَبْتُمُوْ سے ضَرَبْتُمْ اور دوسری صورت میں واو کے بعد ضمیر منصوب منفصل لائی جائیگی جیسے کَرِهْتُمُوْہ۔

شمارہ	موزون	اصل	وزن	حروفِ اصلی	سہ اقسام	شش اقسام
۱۹۲	مَلَلْتُم	مَلَلْتُمُوْ	فَعَلْتُم	م۔ل۔ل	فعل	ثلاثی مجرد
۱۹۳	ظَلِلْتُم	ظَلِلْتُمُوْ	فَعِلْتُم	ظ۔ل۔ل	//	//
۱۹۴	حَاجَجْتُم	حَاجَجْتُمُوْ	فَاعَلْتُم	ح۔ج۔ج	//	ثلاثی مزید
۱۹۵	تَدَارَأْتُم	تَدَارَأْتُمُوْ	تَفَاعَلْتُم	د۔ر۔أ	//	//
۱۹۶	رَجَعْتُم	رَجَعْتُمُوْ	فَعَلْتُم	ر۔ج۔ع	//	ثلاثی مجرد
۱۹۷	كَرِهْتُمُوْهُ		فَعِلْتُمُوْهُ	ک۔ر۔ہ	//	//
۱۹۸	وَلَئِنْ شَكَرْتُم	وَلَئِنْ شَكَرْتُمُوْ	فَعَلْتُم	ش۔ک۔ر	//	//
۱۹۹	نَعَرْتُم	نَعَرْتُمُوْ	فَعَلْتُم	ن۔ع۔ر	//	//
۲۰۰	اَوْلَامَسْتُم	اَوْلَامَسْتُمُوْ	فَاعَلْتُم	ل۔م۔س	//	ثلاثی مزید
۲۰۱	اِسْتَمْتَعْتُم	اِسْتَمْتَعْتُمُوْ	اِسْتَفْعَلْتُم	م۔ت۔ع	//	//
۲۰۲	تَوَاعَدْتُم	تَوَاعَدْتُمُوْ	تَفَاعَلْتُم	و۔ع۔د	//	//
۲۰۳	شَهِدْتُم	شَهِدْتُمُوْ	فَعِلْتُم	ش۔ھ۔د	//	ثلاثی مجرد
۲۰۴	سَجَدْتُم	سَجَدْتُمُوْ	فَعَلْتُم	س۔ج۔د	//	//
۲۰۵	عَلِمْتُم	عَلِمْتُمُوْ	فَعِلْتُم	ع۔ل۔م	//	//
۲۰۶	وَضَعْتُم	وَضَعْتُمُوْ	فَعَلْتُم	و۔ض۔ع	//	//
۲۰۷	كُنْتُم	كَوَنْتُم	فَعَلْتُم	ک۔و۔ن	//	//
۲۰۸	اَنْتُم	اَنْتُمُوْ	غیر موزون			
۲۰۹	لَكُم	لَكُمُوْ	//			
۲۱۰	لَهُم	لَهُمُوْ	//			
۲۱۱	بِهِم	بِهِمُوْ	//			
۲۱۲	عَلَيْهِم	عَلَيْهِمُوْ	//			
۲۱۳	غَبَسْتُم	غَبَسْتُمُوْ	فَعَلْتُم	غ۔ب۔س	فعل	ثلاثی مجرد

ہفت اقسام	دوازدہ اقسام	نظیر	مشتق منہ	باب	قوانین
مضاعف ثلاثی	ماضی معلوم	نَصَرْتُم	مَلَلْتَ	ن	ضربتم اتم ۔ ضربن نمبر۲
//	//	عَلِمْتُم	ظَلِلْتَ	س	ضربتم اتم
//	//	ضَارَبْتُم	حَاجَجْتَ	مفاعلہ	ضربتم اتم
مہموز اللام	//	تَضَارَبْتُم	تَدَارَأْتَ	تفاعل	ضربتم اتم
صحیح	//	ضَرَبْتُم	رَجَعْتَ	ض	ضربتم اتم ۔ ضربن نمبر۲
//	//	عَلِمْتُم	كَرِهْتَ	س	الزلتموہُ ۔ //
//	//	نَصَرْتُم	شَكَرْتَ	ن	ضربتم اتم ۔ ضربن ۲ ۔ اخفا
//	//	//	نَعَرْتَ	//	ضربتم اتم ۔ ضربن ۲
//	//	ضَارَبْتُم	لَامَسْتَ	مفاعلہ	//
//	//	اِسْتَخْرَجْتُم	اِسْتَمْتَعْتَ	استفعال	//
مثال واوی	//	تَضَارَبْتُم	تَوَاعَدْتَ	تفاعل	//
صحیح	//	عَلِمْتُم	شَهِدْتَ	س	//
//	//	نَصَرْتُم	سَجَدْتَ	ن	//
//	//		عَلِمْتَ	س	//
مثال واوی	//	مَنَعْتُم	وَضَعْتَ	ف	//
اجوف واوی	//	نَصَرْتُم	كُنْتَ	ن	// ۔ قال باع التقاء قلن طلن
					//
					//
					//
					//
					//
صحیح	ماضی معلوم	نَصَرْتُم	غَبَسْتَ	ن	ضربتم اتم ۔ ضربن ۲

شمارہ	موزون	اصل	وزن	حروف اصلی	سہ اقسام	شش اقسام
۲۱۴	مَزَزْتُم	مَزَزْتُمُوْ	فَعَلْتُم	م-ز-ز	فعل	ثلاثی مجرد
۲۱۵	اِرْتَمَمْتُم	اِرْتَمَمْتُمُوْ	اِفْتَعَلْتُم	ر-م-م	//	ثلاثی مزید
۲۱۶	لَقِفْتُم	لَقِفْتُمُوْ	فَعِلْتُم	ل-ق-ف	//	ثلاثی مجرد
۲۱۷	كَبَشْتُم	كَبَشْتُمُوْ	فَعَلْتُم	ک-ب-ش	//	//
۲۱۸	نَزَعْتُم	نَزَعْتُمُوْ	فَعَلْتُم	ن-ز-ع	//	//
۲۱۹	بَرَزْتُم	بَرَزْتُمُوْ	فَعَلْتُم	ب-ر-ز	//	//
۲۲۰	نَهَشْتُم	نَهَشْتُمُوْ	فَعَلْتُمُوْ	ن-ھ-ش	//	//
۲۲۱	ظَلِفْتُم	ظَلِفْتُمُوْ	فَعِلْتُم	ظ-ل-ف	//	//
۲۲۲	عَمُقْتُم	عَمُقْتُمُوْ	فَعُلْتُم	ع-م-ق	//	//
۲۲۳	نَضُوْتُم	نَضُوْتُمُوْ	فَعُلْتُم	ن-ض-و	//	//
۲۲۴	وَجِيْتُم	وَجِيْتُمُوْ	فَعِلْتُم	و-ج-ی	//	//
۲۲۵	تَشَاوَرْتُم	تَشَاوَرْتُمُوْ	تَفَاعَلْتُم	ش-و-ر	//	ثلاثی مزید
۲۲۶	تَوَالَيْتُم	تَوَالَيْتُمُوْ	تَفَاعَلْتُم	و-ل-ی	//	//
۲۲۷	تَبَارَكْتُم	تَبَارَكْتُمُوْ	تَفَاعَلْتُم	ب-ر-ک	//	//
۲۲۸	اَيْسَرْتُم	اَيْسَرْتُمُوْ	اَفْعَلْتُمُوْ	ی-س-ر	//	//
۲۲۹	اَوْجَبْتُم	اَوْجَبْتُمُوْ	اَفْعَلْتُم	و-ج-ب	//	//
۲۳۰	اَخْفَيْتُم	اَخْفَيْتُمُوْ	اَفْعَلْتُم	خ-ف-ی	//	//
۲۳۱	عَلِمْتُمُوْهُ		فَعِلْتُمُوْهُ	ع-ل-م	//	ثلاثی مجرد
۲۳۲	اَكْرَمْتُم	اَكْرَمْتُمُوْ	اَفْعَلْتُم	ک-ر-م	//	ثلاثی مزید
۲۳۳	قُوْتِلْتُم	قُوْتِلْتُمُوْ	فُوْعِلْتُم	ق-ت-ل	//	//
۲۳۴	تَسَلْسَلْتُم	تَسَلْسَلْتُمُوْ	تَفَعْلَلْتُم	س-ل-س-ل	//	رباعی مزید
۲۳۵	مُسْلِمُوْهُم	مُسْلِمُوْنَ هُمُوْ	مُفْعِلُوْنَ	س-ل-م	اسم	ثلاثی مزید

ہفت اقسام	دوازدہ اقسام	نظیر	مشتق منہ	باب	قوانین
مضاعف ثلاثی	ماضی معلوم	نَصَرْتُم	مَزَزْتَ	ن	ضربتم انتم۔ضربن۲
//	//	اِکْتَسَبْتُم	اِرْتَمَمْتَ	افتعال	//
صحیح	//	عَلِمْتُم	لَقِفْتَ	س	//
//	//	نَصَرْتُم	کَبَشْتَ	ن	//
//	//	ضَرَبْتُم	نَزَعْتَ	ض۔ف۔س	//
مضاعف ثلاثی	//	//	بَرَرْتَ	ض۔ن	//
صحیح	//	//	نَهَشْتَ	ض۔ف	//
//	//	عَلِمْتُم	ظَلِفْتَ	س	//
//	//	شَرُفْتُم	عَمُقْتَ	ك	//
ناقص واوی	//	نَصَرْتُم	نَضَوْتَ	ن	//
لفیف مفروق	//	ضَرَبْتُم	وَجَیْتَ	ض	//
اجوف واوی	//	تَضَارَبْتُم	تَشَاوَرْتَ	تفاعل	ضربتم انتم
لفیف مفروق	//	//	تَوَالَیْتَ	//	//
صحیح	//	//	تَبَارَكْتَ	//	//
مثال یائی	//	اَکْرَمْتُم	اَیْسَرْتَ	افعال	ضربتم انتم۔ضربن۲
مثال واوی	//	//	اَوْجَبْتَ	//	//
ناقص یائی	//	//	اَخْفَیْتَ	//	//
صحیح	//		عَلِمْتَ	س	انزلتموہ
//	ماضی معلوم		اَکْرَمْتَ	افعال	ضربتم انتم۔ضربن۲
//	ماضی مجہول	ضُوْرِبْتُم	قُوْتِلْتَ	مفاعلہ	//۔// ماضی مجہول
مضاعف رباعی	ماضی معلوم	تَدَحْرَجْتُم	تَسَلْسَلْتَ	تفعلل	//
صحیح	اسم فاعل	مُکْرِمُوْن	مُسْلِمٌ	افعال	//۔اسم فاعل اضافت

شمارہ	موزون	اصل	وزن	حروف اصلی	سہ اقسام	شش اقسام
۲۳۶	تَجَلْجَلْتُمْ	تَجَلْجَلْتُمُوْ	تَفَعْلَلْتُمْ	ج۔ل۔ج۔ل	فعل	رباعی مزید
۲۳۷	رَنَيْتُكُمْ	رَنَيْتُكُمُوْ	فَعَلْتُمْ	ر۔ن۔ی	//	ثلاثی مجرد
۲۳۸	اِنْ لَبِسْتُمْ	اِنْ لَبِسْتُمُوْ	فَعِلْتُمْ	ل۔ب۔س	//	//
۲۳۹	دَعَوْتُمْ	دَعَوْتُمُوْ	فَعَلْتُمْ	د۔ع۔و	//	//
۲۴۰	قُلُوْبُهُمْ	قُلُوْبُهُمُوْ	فُعُوْلٌ	ق۔ل۔ب	اسم	//
۲۴۱	مُنْجَلِيَاهُمْ	مُنْجَلِيَاهُمُوْ	مُنْفَعَلَان	ج۔ل۔ی	//	ثلاثی مزید
۲۴۲	اُشْمُوْلِلْتُمْ	اُشْمُوْلِلْتُمُوْ	اُفْعُوْلِلْتُمُوْ	ش۔م۔ل	فعل	//
۲۴۳	صَفْرَاوَاكُمْ	صَفْرَاءَ اكُمُوْ	فَعْلَاوَاكُمْ	ص۔ف۔ر	اسم	//
۲۴۴	نُعِتُّمْ	نُعِتْتُمُوْ	فُعِلْتُمْ	ن۔ت۔ت	فعل	ثلاثی مجرد
۲۴۵	اَضْلَلْتُمْ	اَضْلَلْتُمُوْ	اَفْعَلْتُمْ	ض۔ل۔ل	//	ثلاثی مزید
۲۴۶	بَلَدُكُمْ	بَلَدُكُمُوْ	فَعَلُكُمْ	ب۔ل۔د	اسم	ثلاثی مجرد
۲۴۷	اِزْدَجَرْتُمْ	اِزْتَجَرْتُمُوْ	اِفْتَعَلْتُمْ	ز۔ج۔ر	فعل	ثلاثی مزید
۲۴۸	تَجَاوَزْتُمْ	تَجَاوَزْتُمُوْ	تَفَاعَلْتُمْ	ج۔و۔ز	//	//
۲۴۹	اَسْلَمْتُمْ	اَسْلَمْتُمُوْ	اَفْعَلْتُمْ	س۔ل۔م	//	//
۲۵۰	شُرِبْتُمْ	شُرِبْتُمُوْ	فُعِلْتُمْ	ش۔ر۔ب	//	ثلاثی مجرد
۲۵۱	اَخْبَرْتُمْ	اَخْبَرْتُمُوْ	اَفْعَلْتُمْ	خ۔ب۔ر	//	ثلاثی مزید
